★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | منگل 5 محرم الحرام 1447ھ، یکم جولائی 2025ء، 18 حاڑ 2082ء پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 225

بھارت پاکستان پر اپنی مرضی مسلط نہیں کر سکتا، پالیسیوں پر نظر ثانی کرے

اسحاق ڈار

پاکستان اپنی خودمختاری اور علاقائی سلامت کے تحفظ کیلئے پرعزم ہے، بھارت یک طرفہ طور پر سندھ طاس معاہدہ معطل نہیں کر سکتا، بھارت پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنا چاہتا ہے، تنازعہ جموں وکشمیر عالمی سطح پر تسلیم شدہ مسئلہ ہے

مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کے خطے میں امن ہوگا، فلسطینیوں سے انصاف کے بغیر مشرق وسطیٰ میں امن قائم نہیں ہوسکتا، تجارت اور بیرونی سرمایہ کاری کا فروغ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کا تقریب سے خطاب



اسلام آباد (خبر نگار) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان اپنی خود مختاری اور علاقائی سلامت کے تحفظ کیلئے پرعزم ہے، بھارت یک طرفہ طور پر سندھ طاس معاہدہ معطل نہیں کر سکتا، بھارت پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنا چاہتا ہے، تنازعہ جموں وکشمیر عالمی سطح پر تسلیم شدہ مسئلہ ہے، مسئلہ کشمیر کے پرامن حل سے خطے میں امن ہوگا، فلسطینیوں سے انصاف کے بغیر مشرق وسطیٰ میں امن قائم نہیں ہوسکتا، تجارت اور بیرونی (بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد، وزیر خارجہ اسحاق ڈار تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اسرائیل نے ملک نہ چھوڑنے کی صورت میں قتل کی دھمکی دی تھی، علی لاریجانی

تہران (این این آئی) ایران کے رہبر اعلیٰ علی خامنہ ای کے مشیر علی لاریجانی نے انکشاف کیا ہے کہ اسرائیل نے دونوں ممالک کے درمیان 12 روزہ جنگ کے دوران انہیں ملک نہ چھوڑنے کی صورت میں قتل کرنے کی دھمکی دی تھی۔ لا (بقیہ نمبر 2)

فرقہ واریت کی روک تھام کیلئے محکمہ داخلہ کا سائبر پٹرولنگ سیل قائم

محرم الحرام میں نفرت انگیز مواد کی مانیٹرنگ کیلئے 24/7 سائبر پٹرولنگ سیل متحرک کر دیا گیا، حکام

محرم امن پورٹل کے ذریعے تمام اضلاع سے رابطہ، نفرت پھیلانے والوں کیخلاف سخت کارروائی جاری



لاہور (نیوز این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر محکمہ داخلہ پنجاب نے فرقہ واریت کی روک تھام کے لیے تاریخی قدم اٹھاتے ہوئے اپنی نوعیت کا پہلا سائبر پٹرولنگ (بقیہ نمبر 12)



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پارلیمان جمہوریت کا دل اور ریاست کی طاقت ہے: مریم نواز شریف

پنجاب اسمبلی نے آئینی بالادستی و وفاق کی مضبوطی کی روشن مثالیں قائم کیں، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ نظام پارلیمان جمہوریت کا دل ہے اور ریاست کی اصل طاقت ہے۔ پارلیمانی نظام کے عالمی دن کے موقع پر اپنے خصوصی (بقیہ نمبر 11)

بجلی بلوں میں ٹی وی فیس ختم، اپنا میٹر اپنی ریڈنگ سمارٹ ایپ متعارف

اپنا میٹر، اپنی ریڈنگ منصوبے کا باضابطہ اجراء باعث اطمینان ہے، یہ اقدام شہریوں کو بااختیار بنانے کے ساتھ ساتھ ادارہ جاتی اصلاحات کی جانب اہم سنگ میل ہے۔

محکمہ بجلی میں بے پناہ اصلاحات کی گئیں لیکن ابھی اس سے بھی زیادہ سفر طے کرنا ہے، پورے پاکستان میں ڈسکوز بورڈز میں انقلابی تبدیلیاں کیں، وزیراعظم شہباز شریف

میٹر ریڈر اگر ایک دن دیر سے ریڈنگ کرے تو عام آدمی کا بل 2 ہزار سے 8 ہزار تک پہنچ جاتا ہے، ٹیکنالوجی پر انحصار کر کے شفافیت کو یقینی بنانا مقصود تھا۔ وزیر توانائی اویس لغاری

شمالی وزیرستان اور بنوں میں سیکیورٹی فورسز پر حملہ، بھارت فتنہ الخوارج گٹھ جوڑ کا نتیجہ نکلا

شمالی وزیرستان اور بنوں میں سیکیورٹی فورسز پر ہونے والے حملے بھارت اور فتنہ الخوارج کی ناپاک ملی بھگت کا نتیجہ، رپورٹ

شمالی وزیرستان (این این آئی) شمالی وزیرستان اور بنوں کیرنیان میں سیکیورٹی فورسز پر حملہ، بھارت اور فتنہ الخوارج کے گٹھ جوڑ کا نتیجہ نکلا، بھارتی پراکسیز فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کی دہشت گردی کے (بقیہ نمبر 5)

ناقابل تردید شواہد سامنے آگئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان نے متعدد بار



متحدہ عرب امارات میں پاکستان کے سفیر فیصل ترمذی ابوظہبی کے ایل رائل میریڈین ہوٹل میں منعقدہ چیگو فیسٹیول 2025 کے دوران خطاب کر رہے ہیں

خلیج تعاون کونسل کے ساتھ مکمل تعاون کے لیے تیار ہیں، ایرانی صدر

تہران (این این آئی) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران خلیج تعاون کونسل کے ساتھ مکمل تعاون کے لیے تیار ہے (بقیہ نمبر 6)

ایران اسرائیلی جنگ بندی کے بعد خطے کا بیانیہ اور منظر بدلنے کا امکان

الثرا (این این آئی) ترکیہ میں امریکی سفیر نے ایران اور اسرائیل کے درمیان (بقیہ نمبر 7)



غزہ، فضا میں دھوئیں اٹھ رہا ہے

امیر سرمایہ کاروں کا گروپ ٹک ٹاک خریدنے کے لیے تیار ہے، ٹرمپ

ایک امیر گروپ ہے اور میں ان کے نام دو ہفتوں میں ظاہر کروں گا، امریکی صدر

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امیر سرمایہ کاروں کا گروپ معروف سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹک ٹاک خریدنے کے لیے تیار ہے۔ امریکی ٹی وی پر (بقیہ نمبر 8)

محکمہ داخلہ میں اپنی طرز کا پہلا سائبر پٹرولنگ اینڈ ٹیکنیکل سروسز سیل قائم

شہری ذمہ داری کا ثبوت دیں اور سوشل میڈیا پر کوئی اشتعال مواد ہرگز شیئر نہ کریں، ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر محکمہ داخلہ پنجاب نے فرقہ واریت کی روک تھام کیلئے شاملِ اقدام محرم الحرام کے پیش نظر محکمہ داخلہ میں اپنی طرز کا پہلا سائبر پٹرولنگ اینڈ ٹیکنیکل سروسز سیل قائم کر دیا گیا۔ خصوصی سیل محرم الحرام میں ٹیکنیکل مانیٹرنگ اور پٹرولنگ کا فریضہ سرانجام دے رہا ہے۔ سائبر پٹرولنگ سیل ڈیجیٹل میڈیا پر فرقہ وارانہ اور نفرت آمیز مواد کو مانیٹر اور رپورٹ کر رہا ہے۔ ترجمان محکمہ داخلہ کے مطابق سوشل میڈیا پر ٹیگ (بقیہ نمبر 13)

وزیراعلیٰ پنجاب کا محکمہ خزانہ کے بجٹ ملازمین کیلئے اعزازیہ دینے کا اعلان

زیادہ کام کرنیوالے ملازمین کو چار، چار کارکردگی پر ایک بنیادی تنخواہ اعزازیہ دیا جائے گا

اعزازیہ محکمہ خزانہ کے بجٹ دگ کے ملازمین کو ان کی کارکردگی کی بنیاد پر دیا جائیگا، ذرائع

لاہور (نیوز این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے محکمہ خزانہ کے بجٹ سے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ اعزازیہ دینے کا طریقہ کار طے کیا جائے۔ ذرائع کے مطابق یہ اعزازیہ ملازمین کو ان کی کارکردگی اور ان پٹ کی بنیاد پر دیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے ہدایت کی ہے کہ اعزازیہ کی (بقیہ نمبر 3)

کنٹرول منشیات کی سمگلنگ ناکام ہنادی، شامی عہدیدار

ریاض (این این آئی) سعودی عرب اور شام کے اعلیٰ جنی اور سکیورٹی تعاون کے فریم ورک کے تحت شام کے اندر منشیات کا اسمگلنگ روکنے کے لیے مجرم پر ہم آہنگی کے کام کر رہا ہے۔ عرب ٹی وی سے بات چیت میں شام کی انسداد منشیات انتظامیہ (بقیہ نمبر 10)



وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کے ہمراہ G-6 اسلام آباد میں مرکزی امام بارگاہ شاہ اشہری کا دورہ کر رہے ہیں

ہم سوال کا جواب دینے کیلئے تیار ہیں بدتمیزی کی اجازت نہیں، عظمیٰ بخاری

مریم نواز حکومت کی تاحال کوئی آڈٹ رپورٹ سامنے نہیں آئی، سیاسی مخالفین جان بوجھ کر سوشل میڈیا پر پروپیگنڈا کر رہے ہیں

تمام سرکاری ہسپتالوں میں مفت علاج جاری ہے صحت کارڈ بند نہیں کیا گیا، وزیر اطلاعات پنجاب کی پریس کانفرنس

لاہور (ناصر نگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ ہم ہر ایک سوال کا جواب دینے کیلئے تیار ہیں، بدتمیزی اور بے ہودگی کی پالکل بھی اجازت نہیں، یہ ہم نہیں سیکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ انہوں نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ جو لوگ خود سے پاؤں تک کرپشن میں ملوث ہیں، وہ آج ہم سے سوالات کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی حکومت کی تاحال کوئی آڈٹ رپورٹ سامنے نہیں آئی لیکن سیاسی مخالفین جان بوجھ کر سوشل میڈیا پر پروپیگنڈا کر رہے ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے خیبر پختونخوا حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہاں گزشتہ 2 سال سے ایک (بقیہ نمبر 15)

گورنر فیصل کریم کنڈی کی سعودی سفیر سے ملاقات

امت مسلمہ کی بہبود، ترقی کے حوالے سے خادم الحرمین الشریفین اور ولی عہد نے ہمیشہ مثالی کردار ادا کیا، گورنر خیبر پختونخوا

اسلام آباد (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے پاکستان میں تعینات سعودی عرب کے سفیر نواف سعید المالکی سے ملاقات کی، سعودی سفارتخانہ میں ہونے والی ملاقات میں گورنر



ملیا: فلپائن میں پاکستان کے سفیر ڈاکٹر عاصم رفیق بانی کے انسٹی ٹیوٹ آف ایسٹرن ٹیکنالوجی (IST) کی چیونیٹیم کے پاکستانی طلباء کے ساتھ گروپ فوٹو

مریم نواز کا بارش، آندھی ونہر میں ڈوبنے سے اموات پر گہرے دکھ کا اظہار

وزیراعلیٰ نے زخمیوں کو بہترین طبی امداد کی ہدایت، نہروں میں نہانے پر پابندی تہیئی بنانے کا حکم

ریسکیو پی ڈی ایم اے کو امدادی سرگرمیاں تیز کرنے، سائن بورڈز ہٹانے اور نکاسی آب کی ہدایت

لاہور (نیوز این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے تیز آندھی اور بارش کے دوران پیش آنے والے حادثات اور نہروں میں (بقیہ نمبر 18)

کراچی ایئرپورٹ پر حادثات کا شکار 3 غیر ملکی طیارے تاحال گراؤنڈ

کراچی (این این آئی) کراچی ایئرپورٹ پر تین غیر ملکی طیاروں کے ساتھ حادثات کے بعد تینوں طیارے تاحال دیگر اور پارکنگ میں عارضی طور پر گراؤنڈ حالت میں موجود ہیں۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان ایئر پورٹ اتھارٹی کی جا (بقیہ نمبر 17)

25 جون سے 30 جون کے 21 پنجاب بارشوں کے دوران 21 افراد جاں بحق

طوفانی بارش سے لیسکو کے 220 کے وی کے 2 گرڈ اسٹیشن بند ہوگئے 70 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے چلنے والی ہواؤں کے طوفان نے لاہور سمیت دیگر علاقوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا

لاہور میں بندرو ڈ پر مل بورڈ موٹر سائیکل سوار خاندان پر گرنے سے شوہر جاں بحق، بیوی اور بیٹا زخمی، دارو خے والا میں گھر کی چھت گرنے سے 2 افراد جاں بحق، کنار بند روڈ پر دیوار گرنے سے ایک شخص جاں بحق ہوا

لاہور (خبر نگار) پنجاب میں 25 جون سے 29 جون تک بارشوں کے دوران 21 افراد جاں بحق اور 57 زخمی ہوئے۔ طوفانی بارش سے لیسکو کے 220 کے وی کے 2 گرڈ اسٹیشن بند ہوگئے جس سے لاہور کے (بقیہ نمبر 2 1)

تاریخی درسگاہوں میں سفارشی کلچر کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا: گورنر پنجاب

گی بھی تعلیمی ادارے میں منشیات اور بدمعاشی کلچر کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، اور سخت ایکشن لیا جائے گا

کسی تاریخی تعلیمی ادارے میں میرٹ پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، سردار سلیم حیدر خان کا اجلاس سے خطاب

لاہور (نیوز این این) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کی زیر صدارت انجمن کالج اور لانس کالج گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور کے بورڈ آف گورنرز کے منعقدہ اجلاس منعقد ہوئے۔ اجلاس میں سرمایاتی و دیگر تعلیم راناشکر حیات سمیت بورڈ ممبران نے شرکت کی۔ انجمن کالج میں (بقیہ نمبر 21)

اپنا میٹر اپنی ریڈنگ ایپ کیسے استعمال کریں صارفین کو کیا فائدہ ہوگا؟

ایپ کے نظام کے تحت اگر صارف اور میٹر ریڈر دونوں ریڈنگ اپ لوڈ کریں تو کم ریڈنگ کو ترجیح دی جائیگی، پاور ڈویژن

نظام کا مقصد اوور بلنگ، ریڈنگ کی غلطیوں کو روکنا اور ریڈنگ میں تاخیر جیسے دیرینہ مسائل کا مؤثر حل فراہم کرنا ہے، اعلامیہ

لاہور (خبر نگار) وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے بجلی کے شعبے میں ریڈنگ کا مقصد اوور بلنگ، ریڈنگ کی غلطیوں اور ریڈنگ میں تاخیر جیسے سنگین مسائل کا مستقل حل فراہم کرنا ہے۔ پاور ڈویژن کی جا (بقیہ نمبر 2 2)

اسلام آباد ایئرپورٹ پر کارروائی، مسافر سے ایک کلو منشیات برآمد

اسلام آباد (این این آئی) ایئر پورٹ سیکیورٹی فورس (اے ایس ایف) نے اسلام آباد ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے منشیات دبئی جانے والے مسافر سے برآمد کر لی۔ اے ایس ایف کے ترجمان کے مطابق اسلام آباد ایئر پورٹ پر (بقیہ نمبر 32)

مون سون، 18 اموات، 27 گھر متاثر، شہری الرٹ رہیں: پی ڈی ایم اے

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر پی ڈی ایم اے نے مون سون ٹیکنیکل شیٹ جاری کر دی

مون سون بارشوں سے 18 افراد جاں بحق، شہری غیر ضروری سفر سے گریز کریں، پی ڈی ایم اے الرٹ

لاہور (نیوز این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر پی ڈی ایم اے نے مون سون الرٹ ٹیکنیکل شیٹ جاری کر دی ہے۔ ٹیکنیکل شیٹ میں پنجاب بھر میں مون سون بارشوں کی صورتحال، دریاؤں، برساتی اور ڈیزنر میں پانی کی سطح سے متعلق تفصیلات، اور بارشوں سے ہونیوالے (بقیہ نمبر 3)

امید ہے جہانگیر خان جیسا عظیم کھلاڑی دوبارہ پیدا ہوگا، امریکی قونصل جنرل

پاکستان میں باصلاحیت اور اہل مرد و خواتین کھلاڑیوں کی کوئی کمی نہیں، بس انہیں حوصلہ افزائی چاہیے، اسکاٹ اریم

کراچی (این این آئی) امریکا کے قونصل جنرل اسکاٹ اریم نے کہا ہے کہ جہانگیر خان جیسا عظیم کھلاڑی دوبارہ پیدا ہوگا۔ (بقیہ نمبر 28)

آپریشن سندور میں ذلت آمیز شکست کے بعد مودی سرکار اور بھارتی فوج آمنے سامنے

نئی دہلی (این این آئی) آپریشن سندور میں ذلت آمیز شکست کے بعد مودی (بقیہ نمبر 25)



اسلام آباد میں وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار بابر دین اختر خان جی سینئل یونیورسٹی کے دفد کو سوینئر پیش کر رہے ہیں

صحت کے شعبے میں 22 ارب کے واجبات ادا، اصلاحات کا عمل جاری: خواجہ سلمان

وزیراعلیٰ مریم نواز کی قیادت میں شعبہ صحت میں انقلابی اصلاحات لائی جا رہی ہیں، سہولیاتی وزیر صحت

سرکاری ہسپتالوں میں مفت علاج متاثر نہیں ہوگا، ادویات کی کوئی قلت نہیں ہے، صحت کارڈ بند ہونے پر ردعمل

لاہور (نیوز این این) سہولیاتی وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں شعبہ صحت میں انقلابی اور جدید اصلاحات کا آغاز کر دیا گیا ہے (بقیہ نمبر 29)

نیدرلینڈز کے عوام کا غزہ کے شہید بچوں کے حق میں مظاہرہ احتجاج

ایکسٹریم (این این آئی) اسرائیلی مظالم کے خلاف اور غزہ کے شہید بچوں کی یاد میں نیدرلینڈز میں ہزاروں جوتے رکھ کر منظر احتجاج (بقیہ نمبر 27)

دریاؤں اور آبی گزرگاہوں میں تجاوزات، چیف سیکریٹری خیبر پختونخوا کا متعلقہ حکام کو حکم

اسلام آباد (این این آئی) چیف سیکریٹری خیبر پختونخوا شہاب علی شاہ نے آبی گزرگاہوں کے تحفظ اور ان میں موجود تجاوزات ختم (بقیہ نمبر 26)



غزہ: عمارت کی تباہی کا منظر

فی الحال وفاق سے پیپلز پارٹی کو وفاق میں سیٹ کوئی آفر نہیں کی گئی، شرجیل میمن

پاکستان کا حقیقی موقف بلاول بھٹو نے دنیا کے سامنے رکھا، انہوں نے پارلیمنٹیرینز کے وفد کے ساتھ دورے میں بھارت کو بے نقاب کیا، سینیٹر وزیر سندھ

فورسز دشمن کو ہر محاذ پر نقصان پہنچا رہی ہیں، وزیر سندھ میں 13 فوجی جوانوں کو شہید کیا گیا انہیں خراج عقیدت پیش کرتا ہوں

کراچی (خبر نگار) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل میمن نے کہا ہے کہ ہمارا سوشل میڈیا بھرا ہے بھارت کو شرارت کی کوئی آفر نہیں کی گئی، پاکستان کا حقیقی موقف بلاول بھٹو نے دنیا کے سامنے رکھا، انہوں نے پارلیمنٹیرینز کے وفد کے ساتھ دنیا بھر میں بھارت کو بے نقاب کیا۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے شرجیل میمن نے کہا کہ سندھ حکومت صوبے میں بہتری کے لیے کوشاں ہے۔ پاکستان میں بہترین صحت کی سہولیات سندھ حکومت فراہم (بقیہ نمبر 3 1)

روزنامہ قوت لاہور
ہفت روزہ ہمدرد
سٹی نیوز

اسسٹنٹ کمشنر نواز کا محرم الحرام کے مرکزی جلوس کے روٹ کا دورہ

اوکاڑہ (رپورٹ: راؤ ارشد ریاض رانا) اسسٹنٹ کمشنر نواز کا محرم الحرام کے پُرامن مرکزی جلوس کے روٹ کا دورہ، اس موقع پر جلوس کے راستے کا معائنہ کیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نواز نے روٹ پر منعقدہ اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ کیپٹن (ر) سید محمد علی نقوی، ایس پی سٹی سید ذوالفقار حسین بخاری، ایس پی انویسٹی گیشن ڈاکٹر عدنان خالد پراچہ، ایس پی صدر ڈاکٹر فرحان فیروز، ایس پی کینٹ ڈاکٹر اسد سلیم شہزاد، ایس پی ہیڈ کوارٹرز ڈاکٹر ذوالفقار حمید، ایس پی ٹریفک ڈاکٹر عمر فاروق، ایس پی انویسٹی گیشن سرکل اوکاڑہ ڈاکٹر عمر فاروق، ایس پی انویسٹی گیشن سرکل دیپالپور ڈاکٹر عمر فاروق، ایس پی انویسٹی گیشن سرکل رینالہ خورد ڈاکٹر عمر فاروق، ایس پی انویسٹی گیشن سرکل حویلی لکھا ڈاکٹر عمر فاروق، ایس پی انویسٹی گیشن سرکل بصیر پور ڈاکٹر عمر فاروق، ایس پی انویسٹی گیشن سرکل گنداسنگھ والا ڈاکٹر عمر فاروق، ایس پی انویسٹی گیشن سرکل کھڑکی ڈاکٹر عمر فاروق، ایس پی انویسٹی گیشن سرکل ہجرہ شاہ مقیم ڈاکٹر عمر فاروق، ایس پی انویسٹی گیشن سرکل

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) یکم جولائی 2025ء

ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کی اپنے دفتر میں کھلی کچہری

عوامی مسائل سے آگاہی حاصل کرنے کے بعد ان کے بلا تاخیر حل کے لئے متعلقہ محکموں کے افسران کو فوری احکامات موقع پر جاری کیے



چکوال (ایم ایوب سلطانی) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی گڈ گورننس پالیسی کے تحت ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے اپنے دفتر میں عوامی مسائل سننے کا سلسلہ باقاعدگی سے جاری رکھا ہوا ہے اور عوامی مسائل سے آگاہی حاصل کرنے کے بعد ان کے بلا تاخیر حل کے لئے متعلقہ محکموں کے افسران کو فوری احکامات موقع پر جاری کیے ۔ڈپٹی کمشنر نے عوامی مسائل کے ازالہ کے لئے افسران کو تاکید کی کہ عوامی مسائل پر مبنی درخواستوں پر تیز رفتار کارروائی یقینی بنائیں اور درخواست دہندگان کو کم از کم وقت میں ریلیف فراہم کیا جائے ۔ ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے ضلعی انتظامیہ کا یہ عزم دہرایا کہ عوامی مسائل کے بروقت ازالہ کی ترجیح کو مقدم رکھا جائے گا

مصطفی آباد: 12 روزہ شہید اعظم کانفرنس کا سلسلہ کامیابی سے جاری



مصطفی آباد/لیانی (نمائندہ خصوصی) حضرت سید نا امام حسینؓ کی یاد میں 12 روزہ شہید اعظم کانفرنس کا سلسلہ کامیابی سے جاری، مختلف مساجد میں ہونے والی شہید اعظم کانفرنس میں ملک بھر کے جید علما کرام شہادت حضرت سید نا امام حسینؓ کے موقع پر اظہار خیال کر رہے ہیں، شہید اعظم کانفرنسز میں مقامی علما کرام، سیاسی، سماجی، مذہبی جماعتوں کے نمائندوں، صحافیوں کی بڑی تعداد اپنی شرکت کو یقینی بنا کر شہادت امام حسینؓ سے آگاہی حاصل کرتے ہیں، سالانہ شہید اعظم کانفرنس کا انعقاد کرنے پر مختلف مکتبہ فکر کے نمائندہ افراد کی طرف سے جامعہ گلزار حبیب مصطفی آباد کے بانی و پرنسپل معروف مذہبی سکالر حضرت مولانا علامہ میاں محمد وقاص صدیق نقشبندی کی زیر نگرانی مصطفی آباد کی مختلف مساجد میں نواسہ رسول جگر گوشہ بتول حضرت سید نا امام حسینؓ کی یاد میں 12 روزہ شہید اعظم کانفرنس کا سلسلہ کامیابی سے جاری، مختلف مساجد میں ہونے والی شہید اعظم کانفرنس میں ملک بھر کے جید علما کرام شہادت حضرت سید نا امام حسینؓ کے موقع پر اظہار خیال کر رہے ہیں، شہید اعظم کانفرنسز میں مقامی علما کرام، سیاسی، سماجی، مذہبی جماعتوں کے نمائندوں، صحافیوں کی بڑی تعداد اپنی شرکت کو یقینی بنا کر شہادت امام حسینؓ سے آگاہی حاصل کرتے ہیں، سالانہ شہید اعظم کانفرنس کا انعقاد کرنے پر مختلف مکتبہ فکر کے نمائندہ افراد کی طرف سے جامعہ گلزار حبیب مصطفی آباد کے بانی و پرنسپل معروف مذہبی سکالر حضرت مولانا علامہ میاں محمد وقاص صدیق نقشبندی کی زیر نگرانی مصطفی آباد کی مختلف مساجد میں نواسہ رسول جگر گوشہ بتول حضرت سید نا امام حسینؓ کی یاد میں 12 روزہ شہید اعظم کانفرنس کا سلسلہ کامیابی سے جاری ہے، مختلف مکتبہ فکر کے نمائندہ افراد کی طرف سے جامعہ گلزار حبیب مصطفی آباد کے بانی و پرنسپل معروف مذہبی سکالر حضرت مولانا علامہ میاں محمد وقاص صدیق نقشبندی کو خراج تحسین پیش کیا جا رہا ہے،

اسسٹنٹ کمشنر ساجدہ رزاق اور ڈی ایس پی جمشید اکرم بھٹی نے جنرل بس اسٹینڈ کا دورہ کیا

میاں چنوں (اشعر نعمان سے) اسسٹنٹ کمشنر ساجدہ رزاق اور ڈی ایس پی جمشید اکرم بھٹی نے جنرل بس اسٹینڈ کا دورہ کیا، اس موقع پر ٹریفک کے نظام اور مسافر گاڑیوں کی پارکنگ کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، افسران نے واضح ہدایات جاری کیں کہ مسافر گاڑیوں کو جی ٹی روڈ پر کھڑا کرنے سے گریز کیا جائے تاکہ ٹریفک کی روانی متاثر نہ ہو، غیر قانونی پارکنگ کو مستقل طور پر ختم کی جائے، وزٹ کے دوران انچارج ٹریفک راؤ سہیل بھی ہمراہ موجود تھے،

ظفروال محرم الحرام صرف تاریخ نہیں، جذب، قربانی، صبر واستقامت کی زندہ مثال ہے

امت مسلمہ کو محرم کا پیغام: نفرت نہیں، وحدت، ایثار اور سچائی کی راہ اپنائیں



ظفروال (زاہد مجید سے) حافظ خواجہ عمران عباس صدر ہیئت پریس کلب ظفروال نے محرم الحرام پر اپنے جاری کردہ ایک خصوصی بیان میں کہا ہے کہ محرم الحرام کا مہینہ ہمیں صبر، ایثار، قربانی، بھائی چارے اور حق کی راہ میں استقامت کا وہ عظیم سبق دیتا ہے جو رہتی دنیا تک انسانیت کے لیے مشعل راہ ہے۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ※※ بے شک مہینوں کی گنتی اللہ کے نزدیک بارہ مہینے ہیں، جن میں چار حرمت والے ہیں ※※ (سورہ توبہ: 36)۔ محرم الحرام انہی حرمت والے مہینوں میں سے ایک ہے، جس میں نہ صرف جنگ و جدال حرام کیا گیا بلکہ دلوں کو نرم اور اعمال کو پاکیزہ بنانے کی دعوت دی گئی۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ※※ یوم عاشورہ کا روزہ پچھلے ایک سال کے گناہوں کا کفارہ ہے ※※

(مسلم) خواجہ عمران عباس نے کہا کہ محرم کا مہینہ ہمیں یاد دلاتا ہے کہ اہل حق ہمیشہ آزمائے جاتے ہیں، مگر صبر کرنے والے ہی کامیاب ہوتے ہیں۔ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے ظلم کے خلاف کھڑے ہو کر حق و صداقت، دین کی بقا اور انسانیت کی سربلندی کا وہ معیار قائم کیا جو قیامت تک کے لیے مثال ہے۔ آج امت کو فرقہ واریت، نفرت اور تعصب کی آگ سے نکل کر حسینیت کی اصل روح کو اپنانے کی ضرورت ہے یعنی انصاف، اخلاص، اتحاد اور توکل کی ضرورت ہے۔

جہلم شہر اور گردونواح میں فقیر بھی لاوڈ سپیکر پر صدائیں لگا کر بھیک مانگنے لگے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر اور گردونواح میں فقیر بھی لاوڈ سپیکر پر صدائیں لگا کر بھیک مانگنے لگے پھیری والوں نے لوڈر رکشوں اور گدھا گاڑیوں پر سپیکر نصب کر لئے، شہریوں کا ڈی پی او جہلم سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا کیا تفصیلات کے مطابق جہلم شہر سمیت ملحقہ آبادیوں میں پھیری لگانے والوں نے لاوڈ سپیکر سے عوام کا سکون غارت کر دیا ریڑھی بان اور لوڈر رکشہ مالکان علی الصبح گدھا گاڑیوں اور لوڈر رکشوں پر سپیکر پر اونچی آوازوں میں سبزی پھل فروٹ فروخت کرنے کے صدائیں لگانی شروع کر دیتے ہیں

مولانا بہادر علی سیف کی علامہ عبدالرشید حجازی کو مبارکباد

ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان بننے پر انکو مبارکباد پیش کی

سمندری (تحصیل رپورٹر) مولانا بہادر علی سیف کی علامہ عبدالرشید حجازی کو مبارکباد، ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان بننے پر یاسر فاروق کے ہمراہ مبارکباد پیش کی، تفصیلات کے مطابق علامہ عبدالرشید حجازی کو ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان بننے پر امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث تحصیل سمندری مولانا بہادر علی سیف، حافظ یاسر فاروق جنرل سیکرٹری اہلحدیث یوتھ فورس تحصیل سمندری نے انکی رہائش گاہ پر مبارکباد پیش کی، مولانا بہادر علی سیف نے کہا کہ علامہ عبدالرشید کا قائمقام ناظم اعلیٰ انتخاب امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان سینیٹر حافظ عبدالکریم کا بہترین انتخاب ہے ان کی قیادت میں جماعت کی ترقی اور دین اسلام کی اشاعت ہوگی، مرکزی جمعیت اہلحدیث تحصیل سمندری قائدین کی قیادت میں جماعت کی کامیابی کیلئے مصروف عمل ہے

ساہیوال، سوات سانحات انتہائی افسوسناک ہیں، چوہدری مستقیم مہار

انتظامیہ کی غفلت سے 20 معصوم بچوں کی ہلاکت، 15 افراد کے سیلابی ریلے میں ڈوب کر جاں بحق ہونیوالے دلخراش واقعات نے پوری قوم کو سوگوار کر دیا ہے، بیان



سمندری (تحصیل رپورٹر) ساہیوال میں انتظامیہ کی غفلت سے 20 معصوم بچوں کی ہلاکت اور سوات میں پکنک پر گئے 15 افراد کے سیلابی ریلے میں ڈوب کر جاں بحق ہونے کے افسوسناک واقعات انتظامیہ کی نااہلی، غیر ذمہ داری اور حفاظتی اقدامات کے فقدان کا نتیجہ ہیں، جس نے کئی گھروں کو اجاڑ کر رکھ دیا یہ انتہائی دلخراش واقعات ہیں جنہوں نے پوری قوم کو سوگوار کر دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف حلقہ پی پی 104 کے رہنما چوہدری مستقیم مہار نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ کے پی کے اور پنجاب حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ذمہ دار افسران اور اداروں کے خلاف فوری اور سخت کارروائی عمل میں لائی جائے، متاثرہ خاندانوں کی فوری مالی و اخلاقی دادرسی کی جائے، اور مستقبل میں ایسے المناک حادثات کی روک تھام کے لیے مؤثر اور جامع اقدامات کیے جائیں۔ مزید کہا کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والوں کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے۔ آمین۔

گرین ٹریکٹر سکیم کے تحت اہل کسان نوں میں چابیاں تقسیم کی گئیں

اس سکیم کے تحت ایسے تمام زمیندار جنہوں نے 5.12 ایکڑ یا اس سے زائد رقبہ پر گندم کاشت کی تھی اہل تھے اس سلسلے میں ضلع گوجرانوالہ میں 578 زمینداروں اور ضلع وزیر آباد میں 392 زمینداروں نے اپلائی کیا تھا: ڈپٹی کمشنر نوید احمد



گوجرانوالہ (غلام شبیر ریذیڈنٹ ایڈیٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے زیادہ گندم اگاؤ مہم 2024-25 اور کسان دوست منصوبہ گرین ٹریکٹر اسکیم کے تحت اہل کسانوں میں چابیاں تقسیم کر دی گئی، گرین ٹریکٹر سکیم کے تحت ضلع بھر کے 42 (24 گوجرانوالہ، 18 وزیر آباد) کے خوش نصیب کسانوں میں ٹریکٹر کی چابیاں تقسیم کی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے کہا کہ اس سکیم کے تحت ایسے تمام زمیندار جنہوں نے 5.12 ایکڑ یا اس سے زائد رقبہ پر گندم کاشت کی تھی اہل تھے اس سلسلے میں ضلع گوجرانوالہ میں 578 زمینداروں اور ضلع وزیر آباد میں 392 زمینداروں نے اپلائی کیا تھا جن کے گندم کے کاشت رقبہ کی تصدیق کے لیے تحصیل کی سطح پر متعلقہ اسسٹنٹ کمشنر کی زیر نگرانی کمیٹی قائم کی گئی تحصیل کمیٹی نے تمام زمینداروں کے گندم کے کاشت رقبہ کی تصدیق کی جس کے بعد ضلع گوجرانوالہ کے 556 اور ضلع وزیر آباد کے 379 زمیندار اہل قرار پائے جن کی شفاف قرعہ اندازی کی گئی جس نے ضلع گوجرانوالہ میں 24 اور ضلع وزیر آباد میں 18 خوش نصیب زمینداروں کو مفت گرین ٹریکٹرز دیئے جا رہے ہیں اس سکیم کا مقصد زمینداروں کی حوصلہ افزائی کرنا ہے تاکہ وہ زیادہ سے زیادہ رقبہ پر گندم کاشت کریں جس سے نہ صرف ملکی غذائی ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔ اس موقع پر ممبران قومی وصوبائی اسمبلی محمود بشیر ورک، مظہر قیوم ناہرہ، نمائندہ فرحان ذوالفقار بھنڈر، نواز چوہان، عرفان بشیر بگھر، وقار چیمہ، نمائندہ شازب ڈار، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت جاوید اختر پڈھیار ※ زراعت افسران اور کسانوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایم این اے محمود بشیر ورک، ممبران صوبائی اسمبلی نواز چوہان، وقار چیمہ اور دیگر مہمانان خصوصی نے کہا کہ یہ سکیم

چند روز قبل لاہور نارووال سیالکوٹ وزیر آباد سیکشن پر چلنے والی سیالکوٹ ایکسپریس کی بوگیاں بھی کم کر دی گئیں

فیض احمد فیض کی بوگیاں تین ہونے سے مسافروں کا سانس لینا مشکل خاتون مسافر کی حالت نازک نارنگ ریلوے اسٹیشن پر اتار کر ریسکیو 1122 کے حوالے کر دیا گیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) چند روز قبل لاہور نارووال سیالکوٹ وزیر آباد سیکشن پر چلنے والی سیالکوٹ ایکسپریس کی بوگیاں بھی کم کر دی گئیں فیض احمد فیض کی بوگیاں تین ہونے سے مسافروں کا سانس لینا مشکل خاتون مسافر کی حالت نازک نارنگ ریلوے اسٹیشن پر اتار کر ریسکیو 1122 کے حوالے کر دیا گیا سخت مشکلات عدم توجہ اور رکاوٹوں کے باوجود یہ سیکشن پاکستان ریلوے کو روزانہ 70 لاکھ روپے کی آمدن دے رہا ہے اگر بوگیوں کی تعداد میں اضافہ کر دیا جائے تو ریونیو میں مزید اضافہ ہوگا لیکن ریلوے کی عدم توجہ اور ہٹ دھرمی کی وجہ سے مسافروں سے سہولیات چھینی جا رہی ہیں جس سے مسافر ریلوے کے سفر کو ترک کر کے پبلک ٹرانسپورٹ کی طرف جا رہے ہیں اس سے نا صرف ریلوے کے ریونیو میں کمی آ رہی ہے بلکہ عوام کیلئے بھی بہت سے مشکلات پیدا ہو رہی ہیں مسافروں نے وفاقی وزیر ریلوے سے نوٹس لیتے ہوئے بوگیوں کی تعداد میں اضافہ کا مطالبہ کیا ہے۔

سیالکوٹ پر امن اور محبت کرنے والے لوگوں کا شہر ہے: بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین

یہاں کے شہری دراصل فرنٹ لائن آرمی ہیں جنہوں نے ہمیشہ افواج پاکستان کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر ملک کا دفاع کیا ہے



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) چیئرمین وزیر اعلیٰ ڈائریکٹوریٹ آف ایکسپشن، سروے، لینڈ مینجمنٹ و مائینز بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین ستارہ امتیاز ملٹری نے کہا ہے کہ سیالکوٹ پر امن اور محبت کرنے والے لوگوں کا شہر ہے اور یہاں کے شہری دراصل فرنٹ لائن آرمی ہیں جنہوں نے ہمیشہ افواج پاکستان کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر ملک کا دفاع کیا ہے یہ بات انہوں نے دفتر ڈپٹی کمشنر کے کمیٹی روم میں منعقدہ امن کمیٹی اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) ایوب بخاری اور ایس پی عثمان ہیفی بھی موجود تھے۔ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے کہا کہ امن کمیٹیاں ایک روایتی نظام ہے اور بدلتے ہوئے حالات کے باوجود ان کی اہمیت کم نہیں ہوئی ہے بلکہ اہمیت میں اضافہ ہوا ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے لوگ بستے ہیں مگر ہم سب مسلمان ہیں اور دین اسلام امن و آشتی کا پیغام دیتا ہے۔ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے کہا کہ تمام بڑے ماتمی جلوسوں کے ساتھ کلینک آن ویلز کی گاڑیاں موجود ہونگی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کی طرف سے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی زیر نگرانی سبیلوں اور لنگر کا انتظام بھی ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ماتمی جلوسوں اور مجالس کے دوران بجلی کی بلا تعطل فراہمی کو یقینی بنایا جائے اور ضرورت پڑنے پر جنریٹرز کی سہولت بھی مہیا کی جائے۔ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے کہا کہ بارش یا آندھی کی صورت میں مجالس اور ماتمی جلوسوں کو محفوظ فراہم کیا جائے

چند روز قبل لاہور نارووال سیالکوٹ وزیر آباد سیکشن پر چلنے والی سیالکوٹ ایکسپریس کی بوگیاں بھی کم کر دی گئیں

فیض احمد فیض کی بوگیاں تین ہونے سے مسافروں کا سانس لینا مشکل خاتون مسافر کی حالت نازک نارنگ ریلوے اسٹیشن پر اتار کر ریسکیو 1122 کے حوالے کر دیا گیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) چند روز قبل لاہور نارووال سیالکوٹ وزیر آباد سیکشن پر چلنے والی سیالکوٹ ایکسپریس کی بوگیاں بھی کم کر دی گئیں فیض احمد فیض کی بوگیاں تین ہونے سے مسافروں کا سانس لینا مشکل خاتون مسافر کی حالت نازک نارنگ ریلوے اسٹیشن پر اتار کر ریسکیو 1122 کے حوالے کر دیا گیا سخت مشکلات عدم توجہ اور رکاوٹوں کے باوجود یہ سیکشن پاکستان ریلوے کو روزانہ 70 لاکھ روپے کی آمدن دے رہا ہے اگر بوگیوں کی تعداد میں اضافہ کر دیا جائے تو ریونیو میں مزید اضافہ ہوگا لیکن ریلوے کی عدم توجہ اور ہٹ دھرمی کی وجہ سے مسافروں سے سہولیات چھینی جا رہی ہیں جس سے مسافر ریلوے کے سفر کو ترک کر کے پبلک ٹرانسپورٹ کی طرف جا رہے ہیں اس سے نا صرف ریلوے کے ریونیو میں کمی آ رہی ہے بلکہ عوام کیلئے بھی بہت سے مشکلات پیدا ہو رہی ہیں مسافروں نے وفاقی وزیر ریلوے سے نوٹس لیتے ہوئے بوگیوں کی تعداد میں اضافہ کا مطالبہ کیا ہے۔

ظفروال ایس ڈی او واپڈا مبشر لیاقت کی دیانتدار قیادت، عوامی خدمت کی روشن مثال

ظفروال میں بجلی کے مسائل حل ہونے لگے، ٹرانسفارمرز اور فیوز کو کیبلز جلد نصب کی جائیں گی

ظفروال (زید مجید سے) ظفروال سب ڈویژن نمبر 1 کے ایس ڈی او واپڈا مبشر لیاقت، اپنی فرض شناسی، ایمانداری اور عوامی ہمدردی کے باعث اہل علاقہ کے دلوں میں گھر کر چکے ہیں۔ ان کی زیر نگرانی دفتر واپڈا میں آنے والے سائلین کی بات سنی جاتی ہے، اور ممکنہ حد تک فوری اقدامات کیے جاتے ہیں۔ مبشر لیاقت نے ایک بیان میں کہا کہ واپڈا کا نظام عوام کی خدمت کے لیے ہے، اور وہ اپنی ٹیم کے ہمراہ دن رات اسی مشن پر کاربند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جن علاقوں میں ٹرانسفارمرز کی کمی ہے، وہاں جلد نئے ٹرانسفارمرز نصب کیے جائیں گے تاکہ لوڈ شیڈنگ جیسے مسائل حل ہوں۔ اسی طرح جہاں فیوز کیبل کی ایک زندہ مثال ہے۔ اگر ہر ادارے میں ایسے فرض شناس افسران موجود ہوں، تو عوامی مسائل خود بخود دم توڑ دیں۔

نمائندوں اور شہری حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ایسے محنتی افسران کی حوصلہ افزائی کی جائے تاکہ نظام میں بہتری آئے۔ مبشر لیاقت کی قیادت میں سب ڈویژن نمبر 1 واپڈا ایک فعال، جوابدہ اور عوام دوست ادارے کے طور پر ابھر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ صرف بجلی نہیں بلکہ عوام کا اعتماد بحال کر رہے ہیں، جو ان کے لیے سب سے بڑی کامیابی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہر شہری کا حق ہے کہ اسے بنیادی سہولیات مہیا ہوں، اور وہ اس مشن کو عبادت سمجھ کر ادا کر رہے ہیں۔ ایس ڈی او کا یہ بیان عوام کے دل کی آواز ہے، اور ان کی کارکردگی ان کے الفاظ کی تصدیق کرتی ہے۔ یہ خبر عوامی اعتماد، ادارہ جاتی دیانت داری اور مثبت تبدیلی کی ایک زندہ مثال ہے۔ اگر ہر ادارے میں ایسے

رائیونڈ: جرنلسٹ پروٹیکشن بل منظور، اب صحافیوں پر تشدد اور دباؤ ڈالنے والوں کے خلاف سخت کارروائی ہوگی

یہ بل صرف ایک قانونی دستاویز نہیں بلکہ سچ بولنے والی آوازوں کے لیے ڈھال ہے۔ چوہدری محمد سرور گجر



رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) صحافیوں کے تحفظ کے لیے ایک اہم سنگِ میل عبور کر لیا گیا ہے، جب کہ جرنلسٹ پروٹیکشن بل کو بالآخر منظوری دے دی گئی ہے۔ اس قانون کے تحت، صحافیوں پر تشدد، دھمکیاں دینا یا ان سے ان کے خبر کے ذرائع کی تفصیل مانگنا اب ناقابل ضمانت جرم تصور کیا جائے گا۔ بل کی منظوری کے بعد ملک بھر کے صحافتی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ مرکزی پریس کلب تحصیل رائیونڈ نے اس تاریخی قانون سازی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے اسے صحافت کی آزادی اور تحفظ کے لیے سنگِ بنیاد قرار دیا ہے۔ مرکزی پریس کلب کے سرپرست اعلیٰ چوہدری محمد سرور گجر نے اپنے بیان میں کہا کہ یہ بل صرف ایک قانونی دستاویز نہیں بلکہ اُن سچ بولنے والی آوازوں کے لیے ڈھال ہے جو روزانہ خطرات کے باوجود قلم کی حرمت اور عوام کے حق معلومات کی حفاظت کرتے ہیں۔ یہ قانون اُن کیمرہ مینوں اور رپورٹرز کے لیے امید کی کرن ہے جو فیلڈ میں حق کی گواہی دیتے ہیں۔ صحافی کو ڈرانا، دھمکانا یا جسمانی تشدد کرنا ناقابل ضمانت جرم ہوگا۔ صحافی سے ان کے ذرائع کی تفصیلات زبردستی لینا جرم تصور کیا جائے گا۔ ایسے جرائم میں ملوث افراد کے خلاف فوری ایف آئی آر درج کی جائے گی۔ پریس کلب رائیونڈ نے حکومتِ وقت سے مطالبہ کیا ہے کہ بل کے نفاذ کو یقینی بنایا جائے، اس پر عملدرآمد کے لیے ایک مانیٹرنگ سیل قائم کیا جائے اور صحافیوں کو فوری قانونی معاونت فراہم کرنے کے لیے ایک ہیلپ لائن بھی قائم کی جائے۔ ملک بھر کے صحافیوں اور انسانی حقوق کی تنظیموں نے بھی اس قانون کو اظہارِ رائے کی آزادی کے تحفظ کی جانب ایک مضبوط قدم قرار دیا ہے۔

میاں شہزاد سرپرست اعلیٰ اور مہر شفقت باری کو جماعت اہلسنت تحصیل قصور کا صدر منتخب کر لیا گیا

مصطفی آباد/لیانی (نمائندہ قوت فیصل خاں) میاں شہزاد سرپرست اعلیٰ اور مہر شفقت باری کو جماعت اہلسنت تحصیل قصور کا صدر منتخب کر لیا گیا جامع مسجد الیاس میں منعقدہ کانفرنس میں نوٹیفکیشن جاری کر دیے گئے تفصیلات کے مطابق جماعت اہلسنت نے تحصیل قصور کیلئے سرپرست اعلیٰ میاں شہزاد احمد اور مہر شفقت باری کو تحصیل کا صدر منتخب کر دیا گیا۔ ان کی نامزدگی کا نوٹیفکیشن جامع مسجد الیاس میں منعقدہ کانفرنس میں جاری کر دیا گیا۔ اس کانفرنس سے معروف خطیب فدا حسین شاہ حافظ آبادی نے خصوصی خطاب بھی کیا۔ اس موقع پر علما کرام اور جماعتی ذمہ داران کے ساتھ ساتھ اہلیان علاقہ کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔

ریسکیو کے تمام اہلکار عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے چوبیس گھنٹے تیار ہیں: انجینئر محمد عدنان نواز

ممکنہ سیلابی صورتحال سے بروقت نمٹنے کے لیے ریسکیو کی خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں، جو بوقت ضرورت فوری طور پر ریسکیو اینڈ ریلیف آپریشن شروع کر سکیں گے



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 انجینئر محمد عدنان نواز نے کہا ہے کہ دریائے چناب میں ممکنہ سیلاب صورتحال، مون سون بارشوں کے پیش نظر ریسکیو کے تمام اہلکار عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے چوبیس گھنٹے تیار ہیں۔ ممکنہ سیلابی صورتحال سے بروقت نمٹنے کے لیے ریسکیو کی خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں، جو بوقت ضرورت فوری طور پر ریسکیو اینڈ ریلیف آپریشن شروع کر سکیں گے۔ انکا کہنا تھا کہ محرم الحرام کے جلوسوں، مجالس کے مقامات پر بھی ریسکیو اہلکاروں کی خصوصی ڈیوٹیاں لگائی گئی ہیں۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر کا کہنا تھا کہ سیکرٹری پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 ڈاکٹر رضوان احمد اور ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کی ہدایات پر دریائے چناب میں ممکنہ سیلاب اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے بروقت نمٹنے کے لیے ریسکیو کی ٹیمیں تیار ہیں۔ انکا مزید کہنا تھا کہ محرم الحرام کے تمام جلوسوں، مجالس اور دیگر پروگراموں پر میڈیکل اور ریسکیو سروس کی فراہمی کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔ اے ڈی سی کے جلوسوں اور مجالس کے موقع پر ریسکیو ایمبولینس، فائر بریگیڈ اور موٹر بائیک ٹیمیں اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہی ہیں۔

خواجہ مسعود اختر (ہلال امتیاز) نے اسمارٹ ویلیج سینٹر میں سرٹیفکیٹ تقسیم کئے

ہونہار طلباء پاکستان کا سنہری مستقبل ہیں ۔ چیئرمین فارورڈ سپورٹس



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) آج دی اسمارٹ ویلیج سینٹر، روڈس میں سرٹیفکیٹ تقسیم کرنے کی ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ یہ سینٹر بیداری سیالکوٹ (https://baidarie.org.pk/) کے زیر انتظام وزارت انفارمیشن و میڈیا ٹیکنالوجی، انٹرنیشنل ٹیلی کمیونیکیشن یونین (ITU) اور ہواوے کے اشتراک سے کامیابی سے چلایا جا رہا ہے۔ تقریب کے مہمان خصوصی میں ہلال امتیاز پاکستان و تمغہ امتیاز پاکستان خواجہ مسعود اختر (چیئرمین، فارورڈ گروپ https://sports.forward.pk/) محترمہ گل زیب وقاص اعوان (سینئر نائب صدر، ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سیالکوٹ)، اور محترمہ روبینہ فرید (نائب صدر، ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سیالکوٹ) شامل تھیں۔ ارشد محمود مرزا (ایگزیکٹو ڈائریکٹر بیداری) نے بھی شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسمارٹ ویلیج سینٹرز کا قیام ایک انقلابی قدم ہے جو دیہی نوجوانوں کو ڈیجیٹل دنیا سے جوڑ کر ان کی صلاحیتوں کو نکھار رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بیداری کا مشن نوجوانوں، بالخصوص خواتین کو جدید ہنر دے کر خود مختار بنانا ہے۔ تقریب میں 28 طلباء و طالبات کو کامیابی سے تربیت مکمل کرنے پر اسناد دی گئیں، جن میں 18 لڑکے اور 10 لڑکیاں شامل تھیں۔ مہمانان گرامی نے طلباء و طالبات کو تربیت مکمل کرنے پر مبارکباد دی اور کہا کہ جدید ڈیجیٹل مہارتوں سے لیس نوجوان پاکستان کا قیمتی سرمایہ ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ بیداری اور اس کے شراکت دار ادارے نوجوانوں کو خود مختار بنانے کے لیے قابل تحسین کردار ادا کر رہے ہیں۔

محرم الحرام میں پرامن فضائی روایت برقرار رکھی جائے گی: ڈی پی او چکوال



چکوال (ایم ایوب سلطانی) وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن، آئی جی پنجاب اور آر پی او راولپنڈی ڈویژن کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال لیفٹیننٹ ریٹائرڈ احمد محی الدین نے 13 محرم الحرام جو آمد نشاہ کے جلوس کے روٹ کا وزٹ کیا اور منتظمین سے ملاقات کی۔ اس موقع پر ایس ڈی پی او چوآمد نشاہ سرکل سجاد حسین، ایس ایچ او تھانہ چوآمد نشاہ سب انسپکٹر عدیل صفدر، سیکورٹی آفیسرز اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ ایس ایچ او تھانہ چوآمد نشاہ نے فول پروف سیکیورٹی اور دیگر انتظامات بارے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کو بریفنگ دی۔ ڈی پی او چکوال نے جلوس کے راستوں کا جائزہ لیا۔ محرم الحرام کے جلوس کے منتظمین سے ملاقات کی اور انہیں محرم الحرام میں فول پروف سیکیورٹی فراہم کرنے پر یقین دہانی کرائی گئی۔ آئی جی پنجاب اور آر پی او راولپنڈی ڈویژن کی ہدایت پر چکوال پولیس محرم الحرام میں پرامن فضائی روایت برقرار رکھی جائے گی۔

سوات حادثہ انتہائی دلخراش قیمتی جانوں کا ضیاع انتہائی افسوسناک ہے

سوات میں حادثہ نہیں انسانیت کا قتل ہوا ہے حکومت پر سوالیہ نشان ہے: میاں زوہیب حسن



قلعہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) سوات حادثہ انتہائی دلخراش قیمتی جانوں کا ضیاع انتہائی افسوسناک ہے، سوات میں حادثہ نہیں انسانیت کا قتل ہوا ہے حکومت پر سوالیہ نشان ہے ان خیالات کا اظہار میاں زوہیب حسن جنرل سیکرٹری انجمن تاجران قلعہ احمد آباد رجسٹرڈ (ناروواں) نے مقامی صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا سوات میں حادثہ نہیں بلکہ انسانیت کا قتل ہوا ہے قیمتی جانوں کا ضیاع انتہائی افسوسناک ہے انتظامی اداروں کی کارکردگی کا پردہ بھی فاش کر دیا ہے 18 افراد کے ڈوبنے کے واقعہ پر دلی افسوس کا اظہار کیا اور مزید کہا کہ قیمتی انسانی جانیں دریائے سوات کی بے رحم موجوں کے درمیان کئی گھنٹوں تک امداد کی راہ دیکھتے رہے لیکن مرکزی صوبائی حکومتوں کے حکمہ ٹریفک کی کوششوں سے عوام کو آگاہ کیا۔ علاوہ ازیں، ابرار ندال سینئر وائس صدر نے بھی ٹریفک کی بہتری کے لیے اپنی قیمتی تجاویز پیش کیں، جن سے امید ظاہر کی گئی کہ موجودہ مسائل کے حل میں نمایاں بہتری لائی جا سکتی ہے۔ انچارج ٹریفک ایجوکیشن ونگ ڈاکٹر شفقت رسول نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ''اس فورم کا مقصد تمام متعلقہ حلقوں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنا ہے تاکہ سیالکوٹ میں ٹریفک کے نظام کو مؤثر انداز میں بہتر بنایا جا سکے۔'' سیمنار کے اختتام پر شرکاء نے

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

ٹرمپ، فیلڈ مارشل ملاقات

امریکہ میں مقیم عاشقان عمران خان کو اپنے گھر تک محدود ہوا یہ قلم گھسیٹ دیوانوں کی طرح ں کالم کے ذریعے سمجھاتا رہا کہ ڈونلڈ ٹرمپ سے پاکستان میں ''اصل جمہوریت'' کی بحالی کے لئے دپنے قائد کی رہائی یقینی بنانے کی توقع نہ باندھیں۔ مجھے مگر نہایت رعونت سے یہ بتایا گیا کہ جو عاشقان اپنے محبوب کی رہائی کے لئے متحرک ہیں وہ امریکہ کے سیاسی نظام اور اس پر اثر و رسوخ ں حامل قوتوں اور افراد کو مجھ دو ٹکے کے رپورٹر سے کہیں زیادہ سمجھتے ہیں۔ ''دنیا کی سب سے طاقتور سہوریت'' ہونے کے ناطے امریکہ ویسے بھی بنیادی انسانی حقوق کا حتمی محافظ ہے۔ وہ عدالتی نظام تی خود مختاری بھی یقینی دیکھنا چاہتا ہے۔

امریکہ کی ''جمہوریت'' سے محبت کی مبینہ داستانیں سن کر اُکتا جاتا تو وطن عزیز کی تاریخ یاد دلانے کو مجبور ہو جاتا۔ 1950 کی دہائی سے چلی داستان جنرل مشرف کے زمانے میں صدر بش دے ساتھ ''جگری دوستی'' کی صورت ہمارے سامنے آئی تھی۔ ٹرمپ ویسے بھی دکھری نوعیت کا شخص ہے۔ اسے ''جمہوری اصول'' نہیں طاقتور افراد پسند آتے ہیں۔ اسی باعث چند ہی دن قبل دنیا میں ہذیب، جمہوریت اور آزادی اظہار کی علامت قرار پائے جی۔سیون ممالک کے اجلاس میں شریک ہونے کینیڈا آ سکا تو کیمروں کے روبرو اصرار کرتا رہا کہ اگر یہ ممالک روس کو بھی اپنی تنظیم کا حصہ بنا لیتے تو پوتن یوکرین پر حملہ آور نہ ہوتا۔ اپنے سابقہ دور اقتدار میں وہ شمالی کوریا کے صدر کی ٹیجوئی میں مصروف رہا تھا۔

''سول اداروں کی بالادستی'' کا وہ اتنا حامی ہے کہ حال ہی میں لاس اینجلس شہر میں ڈوئے نسلی فسادات پر قابو پانے کے لئے اس نے مقامی انتظامیہ اور گورنر کی رائے کو رعونت پاسے نظر انداز کرتے ہوئے وفاقی حکومت کے ماتحت کام کرتے فوجی رضا کاروں کو وہاں تعینات کر دیا۔ یہ دھمکی بھی دی کہ اگر فسادات نہ رکے تو وہ امریکی فوج کے طاقتور ترین میرین انتوں کو بھی اس شہر میں امن وامان بحال کرنے کا حکم دے سکتا ہے۔ ایسے لیڈر سے کستان میں ''سول اداروں کی بالادستی'' کی توقع رکھنا خام خیالی تھی۔ اپنے قائد کے عشق میں و گرفتار دوست مگر بنیادی حقائق سمجھنے سے انکاری رہے۔ مجھ ''لفافے'' کے خیالات کا تمسخر ڑاتے ہوئے میری ذات کو نشانہ بناتے رہے۔

بدھ کی دوپہر امریکی صدر نے پاک فوج کے سربراہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کو فہ وائٹ ہاؤس میں دوپہر کے کھانے پر بلایا۔ امریکی صدر کی جانب سے کسی بھی ملک ش فوج کے سربراہ کے اعزاز میں ایسا کھانا کبھی ریکارڈ پر نہیں آیا۔ پاکستان کے جن رجی سربراہوں سے امریکی صدور چسکیاں ڈالتے رہے ہیں وہ ایوب خان، یحییٰ خان، میاء الحق اور جنرل مشرف کی طرح سربراہ مملکت بھی شمار ہوتے تھے۔ ان سے ملاقات درحقیقت امریکی صدر کی اپنے ہم منصب سے ملاقات تصور ہوتی تھی۔ اپنے ی ملک کی روایات اور پروٹوکول کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اس نے فیلڈ مارشل اصم منیر کے ساتھ محض فوٹو بنوانے کے لئے ہیلو ہائے نہیں کی ہے۔ وائٹ ہاؤس ے کے کیبنٹ روم میں کھانے کی میز پر بلایا جہاں اس کے قومی سلامتی امور کے مشیر کے لاوہ امریکی فوج کے اہم عہدہ دار بھی بیٹھے ہوئے تھے۔ اس ملاقات کو بے شمار ہ سیانے ''ایران واسرائیل کے مابین جاری جنگ کے تناظر میں رکھ کر پیش کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس امکان کو ہرگز رد نہیں کیا جا سکتا کہ کھانے کی میز پر ہوئی گفتگو کے دوران ایران کا ذکر بھی ہر صورت ہوا ہوگا۔ دوپہر کے کھانے کے بعد ٹرمپ نے اس امکان کی یہ کہتے ہوئے تصدیق کی ہے کہ ''پاکستانی ایران کو ہم (امریکہ) سے کہیں زیادہ بہتر انداز میں سمجھتے ہیں''۔

سید کاشف علی، اسلام آباد

امریکہ، اسرائیل اور اس کے مغربی اتحادیوں کی اسلامی ممالک پر جارحیت کی ایک تاریخ رہی ہے، جس میں جھوٹے بیانیے کا سہارا لے کر عراق، افغانستان، لیبیا، شام اور اب ایران جیسے اسلامی ممالک پر چڑھائی کی گئی۔ امریکہ اور اس کے اتحادیوں نے عالمی قوانین اور اقوام متحدہ کے چارٹر کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ان خودمختار اسلامی ممالک پر قبضہ کیا، جس کا ایک بنیادی مقصد اسرائیل کے تحفظ کو یقینی بنانا تھا۔

اسرائیل کے موجودہ وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو نے 1999 میں شائع ہونے والی اپنی کتاب Fighting Terrorism: How Democracies Can Defeat Domestic and International Terrorists میں پانچ اسلامی ممالک کو نام نہاد دہشت گردی کا مرکز قرار دیا تھا، جن میں ایران، عراق، شام، لیبیا اور سوڈان شامل تھے۔ نیتن یاہو نے اپنی کتاب میں مغربی حکومتوں اور عوام کو یہ باور کرانے کی کوشش کی کہ دہشت گردی سے نمٹنے کا واحد حل یہ ہے کہ ان ممالک میں حکومتوں کا تختہ الٹا جائے۔ حقیقت حال یہ تھی کہ ایران، عراق، شام، لیبیا اور سوڈان دہشت گردی میں ملوث نہیں تھے، بلکہ کسی نہ کسی طرح سے اسرائیل کے خلاف جاری مزاحمت کی مدد کر رہے تھے اور اسرائیل ان ممالک کو اپنے لیے خطرہ تصور کرتا تھا۔

ان ممالک میں حکومتوں کا تختہ الٹنے کے لیے مختلف جھوٹے بیانیے تشکیل دیے گئے۔ نان الیون کے بعد امریکہ، برطانیہ اور ان کے دیگر مغربی اتحادیوں نے عراق پر بڑے پیمانے پر تباہی پھیلانے والے ہتھیار رکھنے کا الزام عائد کیا، جس کو مغربی میڈیا نے بڑھا چڑھا کر پیش کیا، یوں 2003 میں امریکہ، برطانیہ اور اس کے اتحادیوں نے عراق پر چڑھائی کر کے وہاں صدام حکومت کا خاتمہ کر دیا۔ امریکی حملے اور قبضے کی وجہ سے دس لاکھ عراقی لقمہ اجل بن گئے۔

2009 میں برطانیہ میں سرجان چلکوٹ کی سربراہی میں برطانیہ کے عراق جنگ میں کردار کے متعلق ایک انکوائری شروع ہوئی، 2016 میں سامنے آنے والی سرکاری رپورٹ میں کہا گیا کہ عراق کے پاس بڑے پیمانے پر تباہی پھیلانے والے ہتھیار موجود نہیں تھے اور عراق پر قبضے کے لیے برطانوی خفیہ ایجنسی ایم آئی سکس نے جان بوجھ کر جھوٹ بولا۔ حقیقت یہ ہے کہ برطانیہ کے ساتھ امریکی سی آئی اے اور دیگر مغربی ممالک کے خفیہ اداروں نے عراق کے خلاف ایک جھوٹا بیانیہ تشکیل دے کر وہاں اسرائیلی مفادات کے لیے صدام حکومت کا تختہ الٹا اور 2006 میں صدام کو پھانسی پر لٹکا کر اسرائیل کے ایک دیرینہ دشمن سے اسے نجات دلا دی گئی۔

2011 میں لیبیا کے صدر معمر قذافی پر اپنے شہریوں کے بڑے پیمانے پر قتل عام کرنے کا الزام لگا کر امریکہ و نیٹو ممالک نے کارروائی شروع کر دی، حالانکہ معمر قذافی 2003 میں لیبیا کا جوہری پروگرام اور بیلسٹک میزائل پروگرام ترک کر چکے تھے۔ لیکن اس کے باوجود معمر قذافی کا صرف اس لیے تختہ الٹا کہ وہ اسرائیل کو ایک ناجائز ریاست تصور کرتے تھے اور اس کے خلاف برسرپیکار فلسطینی گروپوں کی مدد کرتے تھے۔ امریکہ و نیٹو کی مداخلت سے لیبیا میں خانہ جنگی شروع ہوئی، ہزاروں لوگ لقمہ اجل بن گئے، پانچ لاکھ شہری ملک چھوڑنے پر مجبور ہوئے۔ بعد ازاں اکتوبر 2011 میں معمر قذافی کو باغیوں کے ہاتھوں قتل کروا دیا گیا۔

امریکہ و مغربی ممالک نے میڈیا کی مدد سے قذافی کے خلاف ایک ظالم و جابر ڈکٹیٹر کا بیانیہ تشکیل دیا، جس سے لیبیا کے لاکھوں افراد کی جان کو خطرہ لاحق تھا، لیکن قذافی کا اصل جرم اسرائیل دشمنی تھا، جس کی اسے سزا دی گئی۔ اگر قذافی اور صدام دیگر عرب ممالک کی طرح امریکہ و اسرائیل کے حامی ہوتے تو مشرق وسطیٰ کے دیگر عرب ڈکٹیٹرز کی طرح ان کے اقتدار کا بھی تحفظ کیا جاتا۔

موجودہ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے سوڈان میں بھی تختہ الٹنے کی بات کی تھی۔ سوڈان اور اسرائیل کے درمیان دشمنی کا آغاز عرب اسرائیل تنازعے سے ہوا، جہاں سوڈان نے ہمیشہ فلسطینی کاز کی بھرپور حمایت کی اور اسرائیل کو ایک غاصب ریاست تسلیم کیا۔ 1967 میں خرطوم کانفرنس میں عرب دنیا کے تین 'نہیں' (اسرائیل سے نہ امن، نہ مذاکرات، نہ تسلیم) کا مرکز سوڈان بنا، جس نے اسرائیل مخالف پالیسی کو دوام دیا۔ 2011 میں عیسائی اکثریتی جنوبی سوڈان کو الگ کر دیا گیا، اس علیحدگی کے پیچھے امریکہ اور مغربی ممالک نے اہم کردار ادا کیا، جس کا مقصد سوڈان کو اس کے اسرائیل مخالف تاریخی موقف کی سزا دینا تھا۔

2011 میں شام کے صدر بشار الاسد کے خلاف شورش کا آغاز کیا گیا، شام پر بھی اپوزیشن کو کچلنے اور کیمیائی ہتھیار استعمال کرنے کا الزام عائد کیا گیا، ایک بار پھر مغربی میڈیا جھوٹا بیانیہ تشکیل دینے کے لیے امریکی و اسرائیلی ماؤتھ پیس بنا۔ شام کا اصل جرم تحریک آزادی فلسطین کی عملی حمایت تھا۔ شام نے اسرائیل کے خلاف چار جنگیں لڑیں اور بعد ازاں ایران کے ساتھ مل کر فلسطینی جنگجو گروپوں کی اپنی سرزمین سے عملی مدد جاری رکھی، دسمبر 2024 میں القاعدہ اور داعش سمیت مختلف دہشت گرد تنظیموں کی مدد سے بشار الاسد حکومت کا تختہ الٹ دیا گیا، جس کے بعد اسرائیل نے شام کے بڑے علاقے پر قبضہ کر کے اس کی تمام فوجی صلاحیت کو تباہ کر دیا۔ یوں اسرائیل اور نیتن یاہو اپنے ایک اور دشمن سے نجات حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئے۔

اسرائیلی وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو نے اپنی کتاب میں جن اسلامی ممالک میں تختہ الٹنے کی خواہش کا اظہار کیا تھا وہ دراصل صیہونی اسٹیبلشمنٹ کا ایک جامع منصوبہ تھا، جس کے لیے مغربی حکومتوں اور رائے عامہ کو تیار کرنے کے لیے نیتن یاہو کی کتاب کی شکل میں کوششوں کا آغاز ہوا۔ پچھلے 25 سال میں اسرائیل، امریکہ اور مغربی اتحادیوں کی مدد سے عراق، لیبیا، شام اور سوڈان میں حکومتوں کا تختہ الٹ چکا ہے۔

اس وقت ایران کے خلاف جو کارروائی جاری ہے، اس کی بظاہر وجہ ایران کا جوہری پروگرام قرار دیا جا رہا ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ اسرائیلی مفادات کے لیے صدام حکومت کا تختہ الٹا اور 2006 میں صدام کو پھانسی پر لٹکا کر اسرائیل کے ایک دیرینہ دشمن سے اسے نجات دلا دی گئی۔

امریکی ڈائریکٹر انٹیلی جنس تلسی گیبرڈ نے مارچ 2025 کی رپورٹ میں کہا کہ ایران جوہری ہتھیار نہیں بنا رہا۔ انہوں نے واضح کیا کہ ایران نے 2003 میں جوہری ہتھیاروں کا پروگرام معطل کیا تھا اور اسے دوبارہ شروع کرنے کا کوئی ثبوت نہیں۔ بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی نے 12 جون کو اختتام پذیر ہونے والے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں بھی ایران پر جوہری ہتھیار بنانے کا الزام عائد نہیں کیا، بلکہ جوہری عدم پھیلاؤ کے معاہدے این پی ٹی پر مؤثر عمل درآمد نہ کرنے کا الزام لگایا ہے۔

ایران کا اصل جرم تحریک آزادی فلسطین کی عملی مدد کرنا ہے، جس کی اسے سزا دی جا رہی ہے، اسرائیل بالخصوص نیتن یاہو ایران میں موجود نظام کا تختہ پلٹ کر اپنے 25 سالہ ناپاک منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچانا چاہتا ہے، جس کے تحت اسرائیل مخالف اسلامی

کیا ایران کو ہمیشہ کیلئے توڑنے کی کوشش کی جا رہی ہے؟

نادرہ مہرنواز

جو کچھ اس وقت ایران میں ہو رہا ہے وہ صرف جوہری تنصیبات اور انتقامی حملوں کا معاملہ نہیں ہے۔ یہ اب شخص ایک آمرانہ حکومت کو کمزور کرنے کا مسئلہ بھی نہیں رہا۔ جو کچھ سامنے آ رہا ہے، وہ ایران کی قومی اہمیت کو طویل مدتی، منصوبہ بندی، اور معاشی طور پر مربوط طریقے سے کم کرنے کی ایک کوشش ہے شاید ہمیشہ کے لیے۔

ایران نے سکندر اعظم کے یلغار، منگولوں کی تباہ کاریاں، برطانوی و روسی مداخلت اور جدید پابندیوں کے ادوار برداشت کیے ہیں۔ یہ اس لیے ممکن ہوا کہ ایران کی حکومتیں ہمیشہ مستحکم نہیں رہیں، لیکن ایک چیز ہمیشہ موجود رہی: ایک قومی شناخت جو بحرانوں اور حکمرانوں سے بالاتر ہو کر ملک کو جوڑے رکھتی ہے۔

لیکن آج، جب جوہری پروگرام، میزائل نظام، اور معیشت کو بیک وقت نشانہ بنایا جا رہا ہے، تو شاید ہم ایک ایسی حکمتِ عملی کا سامنا کر رہے ہیں جو جنگ سے نہیں، بلکہ آہستہ آہستہ اندر سے تباہ کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔

ایک متحرک نقشہ راہ

2009 میں بروکنگز انسٹی ٹیوشن نے ایک رپورٹ شائع کی: Which Path to Persia?۔ یہ کوئی خفیہ منصوبہ نہیں تھا بلکہ ایک اسٹریٹجک دستاویز تھی، جو سابق امریکی اہلکاروں اور مشرق وسطیٰ کے ماہرین نے تحریر کی تھی۔ اس میں ایران کے خلاف جنگ کے بغیر اس کے نظام کو کیسے کمزور یا ختم کیا جا سکتا ہے، اس پر بات کی گئی۔

اس میں درج تجاویز میں شامل تھے:

نسلی اور سیاسی بغاوتوں کی حمایت تاکہ حکومت کا کنٹرول کمزور ہو؛

سفارت کاری اور مذاکرات کو دباؤ بڑھانے کے پردے کے طور پر استعمال کرنا؛

طویل مدتی معاشی تنہائی اور پابندیاں؛

منتخب عسکری کارروائیاں تاکہ اسٹریٹجک تنصیبات کو نشانہ بنایا جا سکے۔

پندرہ سال بعد، ہم ان تمام عناصر کو ایک ساتھ متحرک ہوتے دیکھ رہے ہیں: جوہری تنصیبات کو سبوتاژ کرنا، ڈرون حملے، پاسداران انقلاب کی کمزوری، اور مالیاتی نظام سے مزید علیحدگی یہ سب ایک سوچے سمجھے منظرنامے کو حقیقت میں بدل رہے ہیں۔

تیل، گیس، اور خلیج فارس کی جنگ

ایران دنیا کے دوسرے بڑے گیس کے ذخائر رکھتا ہے اور سب سے بڑے تیل پیدا کرنے والے ممالک میں شامل ہے۔ اس کے علاوہ، ایران ہرمز کی خلیج پر کنٹرول رکھتا ہے، جہاں سے دنیا کی 25 فیصد سے زائد تیل اور 33 فیصد مائع گیس کی برآمدات گزرتی ہیں۔ ایران کو کمزور کرنا محض جوہری ہتھیاروں کو روکنے کا مسئلہ نہیں ہے، بلکہ توانائی کے راستوں پر کنٹرول حاصل کرنا بھی ہے۔

اگر ایران ٹوٹتا ہے تو خطے میں طاقت کا خلا پیدا ہوگا، جسے خلیج کے جنوبی عرب ممالک جو مغرب اور اسرائیل کے قریب ہیں پُر کر سکتے ہیں۔ ''خلیج فارس'' کو ''عربی خلیج'' کہنے کی مہم بھی اسی حکمت عملی کا حصہ معلوم ہوتی ہے: خطے کی توانائی کو کم ایرانی، اور زیادہ عرب و مغربی کنٹرول میں لانے کی کوشش۔

نسلی اختلافات: تقسیم کا ہتھیار

ایران ایک متنوع قوم ہے، جس میں مضبوط تاریخی ربط ہے، لیکن اس میں نسلی اقلیتیں بھی ہیں: مغرب میں کرد، مشرق میں بلوچ، جنوب میں عرب، اور شمال میں آذری، لیکی، اور مازندرانی۔ ان سب کو ماضی میں بیرونی دلچسپی اور بغاوتوں کا سامنا رہا ہے۔

مغربی ایران میں کردستان عراق کے پیشمرگہ کے ساتھ ہمدردیاں رکھتا ہے؛ مشرقی بلوچستان کی علیحدگی کی خواہش بھی ظاہر ہو چکی ہے؛ شمالی آذری، آذربائیجان سے لسانی و ثقافتی روابط رکھتے ہیں ایک خطہ جو کبھی ایران کا حصہ تھا مگر 1800 کی جنگوں کے بعد روس کو دے دیا گیا۔ اس سب کے بیچ میں یہ فارس کے لوگ، جو اپنے ہی ملک میں ایک ثقافتی طور پر اقلیت بننے کے خطرے سے دوچار ہیں۔

اگر یہ عمل جاری رہا تو ایران کی تاریخ صرف کمزور نہیں ہوگی بلکہ مٹ بھی سکتی ہے۔

ایران، عراق یا لیبیا نہیں ہے اور سب کو اس کا علم ہے

ایران ایک نوآبادیاتی منصوبہ نہیں تھا۔ یہ ایک ایسی قوم ہے جو تاریخی تسلسل، لسانی وحدت، اور ثقافتی ہم آہنگی پر قائم ہے۔ اسی لیے ایران کا اتحاد آسانی سے ختم نہیں کیا جا سکتا۔

اسی وجہ سے ایران کی جلاوطنی میں موجود کمیونٹی آج بھی اتحاد پر یقین رکھتی ہے۔ رضا پہلوی کے گرد جو حمایت ہے، وہ اسی احساس کی غمازی کرتی ہے۔ ان کے دادا رضا شاہ وہ شخص تھے جنہوں نے ایران کو جدید بنایا، ریلوے، اسٹیل اور تعلیمی نظام قائم کیے، اور ایک نیا سکولر تشخص تشکیل دیا۔ جس کی آج بھی یاد باقی ہے۔ شاید آج کے حالات وہی قومی جذبہ دوبارہ جگا سکتے ہیں۔ لیکن اس عظیم شاہ کا پوتا ایک کمزور اور موقعہ پرست شخص نظر آتا ہے۔

بائبلی کہانیاں اور نفسیاتی تحریک

ساتھ ہی اس وقت بیانیے کی جنگ بھی جاری ہے۔ کوروش کبیر جو فارسی اور یہودی تاریخ دونوں میں اہم شخصیت ہیں کو آج بعض اسرائیلی اور مغربی حلقے ایک نجات دہندہ کے طور پر پیش کر رہے ہیں۔ تن یاہو کو بعض حلقے جدید کوروش کہتے ہیں، جبکہ ایران کی قیادت کو ہامان بائبل کا دشمن قرار دیا جا رہا ہے۔ یہ سب انتہائی مضحکہ خیز ہے۔

ایرانی پرچم پر شیر اور تلوار کا استعمال کر کے جلاوطن ایرانیوں کو متحرک کرنے کی کوشش کر رہی ہیں۔ سوال یہ ہے کہ کیا یہ علامتیں ایرانیوں کو متحد کرنے کے لیے استعمال ہو رہی ہیں، یا ایک منقسم ایران کو ''آزادی'' کے نام پر قبول کروانے کے لیے؟

ایک نازک مستقبل

ایران اس وقت ایک دوراہے پر کھڑا ہے۔ ایک طرف ایک حکومت ہے جس کی ساکھ ختم ہو چکی ہے، اور دوسری طرف ہے ایک قوم جس کی جڑیں گہری ہیں۔ تاریخ، ثقافت، اور فخر سے بھری ہوئی۔ درمیان میں ہے بیرونی دباؤ، جو ریاست کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے کی دھمکی دے رہا ہے۔

ایرانیوں کو اپنی موجودہ حکومت پر تنقید کا حق ہے اس نے اپنے عوام کو بہت نقصان پہنچایا ہے۔ لیکن یہاں بیرونی مداخلت پر بھی سوال اٹھانا چاہیے: اصل مقصد کیا ہے؟ اگر یہ سوالات آج نہ کیے، تو کل ہم ایک ایسے مشرق وسطیٰ میں جاگیں گے جہاں ایران محض تاریخ کا ایک باب بن کر رہ گیا ہوگا۔

ہندو لڑکے کیوں محبت نہیں کرتے؟

صنوبر ناظر

ہر طرف خوف ہے کہ کب کس کی بچی اغوا ہو جائے اسی سبب بچیوں کو اسکولوں سے نکال کر گھر بٹھا لیا گیا ہے۔ خوف صرف مسلط نہیں بلکہ مارکیٹ کیا گیا ہے۔

سوہانہ شرما

عدالت نے کم عمر سوہانہ شرما کو شیلٹر ہوم بھیجنے کا حکم صادر کیا۔ عدالت کے فاضل جج کے دل کو نہ سوہانہ کی سسکیاں اور نہ اس کے باپ کی آہ و زاریاں پگھلا سکیں کیونکہ انھیں کامل یقین ہے کہ بچی اغوا نہیں بلکہ اپنی مرضی اور محبت کے ہاتھوں خود اس اغوا کار کے ساتھ گئی۔ بچی ہندو مذہب سے تائب ہو کر اسلام قبول کرنا چاہتی ہے لیکن والدین کے خوف سے غلط بیان دے رہی ہے۔ سوہانہ شیلٹر ہوم لے جانے والی وین میں بیٹھی ہے اور اپنے باپ کا ہاتھ مضبوطی سے تھامے ہوئے ہے۔ آنسوؤں کی لڑی بڑی لمبی پروئی ہے کہ ٹوٹ کے ہی نہیں رہی۔

بابا مجھے جلدی لینے آنا۔ بہت جلدی۔ مجھے گھر جانا ہے۔

آؤں گا شہزادی جلدی آؤں گا۔ بے بس باپ جھوٹا دلاسا دیتا ہے۔ جانتا ہے کہانی تو ختم ہونے کو ہے۔

مینا کماری

مٹھی کے ایک پسماندہ گاؤں میں مٹی سے لیپے ایک کمرے کے گھر میں چارپائی پر بیٹھی مینا کماری اپنے میلے کچیلے دوپٹے سے آنکھ سے رواں آنسوؤں کو روکنے کی ناکام کوشش کر رہی ہے۔ بات کرتے ہوئے بار بار اس کے گلے میں درد کا ایک گولا سا پھنس جاتا تو اس کی دردبھری روداد سننے والوں کو بھی گلے میں ایک پھندا سا لگتا محسوس ہوتا جسے اس پاس بیٹھے ہوئے اپنا گلا کھنکار کر صاف کرنے کی اپنی سی سعی کرتے۔

کمرے میں سوائے بوسیدہ چارپائی کے جس کی بان بوڑھے برگد کی داڑھی کے مانند جگہ جگہ سے لٹک رہی تھی، صرف ایک تپائی پر دو گلاس دھرے تھے۔

چارپائی پر اس کا دو سال کا بچہ اس کے پہلو سے لگ کر ساتھ بیٹھا تھا اور دوسرا اس کے پیٹ میں چند ہفتوں بعد ہی اس بے حس دنیا میں آنے کو بے چین تھا۔ مینا جس دن اغوا ہوئی اس کی عمر تیرہ سال تھی۔ دس ماہ میں کوئی چھ آدمیوں کی ہوس کا نشانہ بنی۔ ہر مرد اس کا ریپ کرنے سے پہلے کہتا کہ ہمارا نکاح ہوا ہے۔ بقول مینا کے کہ نہ کوئی مولوی ہوتا نہ نکاح پڑھایا جاتا تھا۔ بس مجھے بنا سنوار کر مختلف مردوں کے حوالے کر دیا جاتا تھا۔ ایک دو ماہ میں جب ایک مرد کا دل اوب جاتا تو پھر وہی کہانی دہرائی جاتی۔

دس ماہ میں ان بدھوں نے مینا کا ماس نوچ کھایا اور جب وہ حاملہ ہو گئی تو ایک رات اسے نیم بے ہوشی میں اس کے علاقے کے آس پاس پھینک گئے۔

مینا یہ تو نہیں جانتی کہ پیٹ میں پلنے والا بچہ کس کا ہے؟ ہاں البتہ وہ یہ ضرور جانتی ہے کہ ''ماں وہی ہے''۔ اس کے پھولے پیٹ کو دیکھ کر دل سے ایک آہ نکلی کہ یارب کوکھ میں بیٹی نہ ہو۔

رنکل کماری

تھرپارکر کے ایک محلے کی گلی میں بچے گلی ڈنڈا کھیلتے ہوئے آسمان سر پر اٹھائے ہوئے ہیں کچھ ہی سمے میں ان بچوں کے شور و غل میں ایک اور بچی کی چیخیں اور آہ و بکا بھی شامل ہو جاتی ہے۔ سارے بچے کھیل چھوڑ کر محلے کے واحد پکے مکان کی جانب دیکھنے لگتے ہیں جس کی دیواریں فصیلوں کی مانند اونچی ہیں۔ ایک کم سن بچی رنکل کماری چھت کی دیوار سے اپنا منہ باہر نکال کر زور زور سے چلا رہی تھی ''مدد کرو میری، مجھے میرے گھر جانے دو، بھگوان کا واسطہ مجھے چھوڑ دو میں مر جاؤں گی''۔ ایک بچے نے موبائل سے ویڈیو بنا کر اس منظر کو قید کر لیا۔

اسی سمے کسی نے پیچھے سے آہ و زاری کرتی بچی کو بالوں سے پکڑ کر زور کا جھٹکا دیا۔ بچوں کی نظریں وہی جمیں ہیں لیکن اب نہ وہاں کوئی چیختا ہوا چہرہ ہے اور نہ چلاتی ہوئی آوازیں۔ ثبوت کے طور پر ویڈیو بھی رنکل کماری کو بازیاب نہ کروا سکی۔ پوری آبادی کو آج بھی سانپ سونگھا ہوا ہے۔

وائٹو

حیدرآباد کی ایک کچی آبادی کی ''وائٹو'' چار بچوں کی ماں، دھان پان سے بدن پر گوشت نام کی شے نہ ہونے کے برابر ہے۔ لیکن حوصلہ و ہمت کسی چٹان سے کم نہیں کہ آج بھی اپنے اغوا کار اور ریپ کرنے والے رکشہ ڈرائیور کے خلاف ڈٹ کر کھڑی ہے۔ وہی رکشہ والا جس میں بیٹھ کر وہ روز اپنے محلے کی دوسری عورتوں کے ہمراہ اپنے کام پر جایا کرتی تھی۔ اسی رکشے والے نے اس ہندو عورت کو مال غنیمت سمجھتے ہوئے اغوا کر لیا تھا۔ لیکن جیسا کہ عام طور پر عورت کو ہی مورد الزام ٹھہرایا جاتا ہے کہ بھاگ کر گئی ہوگی، وائٹو کے لئے بھی یہی عذر پیش کیا گیا جس میں پولیس کا رول نہایت مکروہ رہا۔ کیونکہ ایک غریب ہندو عورت کی نسبت ایک مسلمان مرد کو بچانا زیادہ افضل عمل ہے۔

وائٹو کے گھر کی دہلیز پر لٹکا پردہ ہوا میں اُڑتے ہوئے اس کے دوپٹے کی مانند لگ رہا ہے۔ اس کی آنکھوں میں مینا کی طرح آنسو نہیں ایک عزم ہے بردباری ہے۔ غالباً عمر اور تجربہ رویوں میں فرق پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ وہ بار بار ایک ہی جملہ دہراتی ہے کہ ایسے سماج کے ناسوروں کو سزا ہونی چاہیے۔ ضرور ہونی چاہیے۔

وہ جب اغوا ہوئی تو تقریباً دو ڈھائی ماہ اس کے چاروں بچے اپنی ماں کے لئے بلکتے رہے، اس کا شوہر در در جا کر انصاف اور اپنی بیوی کی بازیابی کے لئے منتیں کرتا رہا۔ لیکن شنوائی اس ملک میں کم ہی لوگوں کا مقدر ہوتی ہے۔ یہ تو ہندو بھی، غریب بھی اور پھر ایک عورت کا اغوا۔ کس کے پاس ہے وقت ان جیسے کم تر لوگوں کی فریاد سننے کا؟

لیکن سلام ہے اس کمیونٹی کی عورتوں کو جنھوں نے مل کر اپنی وائیتو کو اس چنگل سے چھڑانے کے لئے کئی دن احتجاج کیا اور ڈنڈے لے کر اس اغوا کار کے گھر کا گھیراؤ تب تک جاری رکھا جب تک پولیس کو لا محالہ اسے بازیاب نہ کرانا پڑ گیا۔

یہ مختلف عمر کی چار ہندو عورتوں کی سچی روداد ہیں۔ نہ جانے اور کتنی ایسی عورتیں ہوں گی جن کی کہانی منظر عام پر نمودار نہ ہو سکی یا وہ رنکل کماری کی طرح اندر ہی کہیں مدفون ہو گئیں ہوں۔

چلئے مان لیتے ہیں کہ صرف یہی چار عورتیں اس زیادتی کا شکار ہوئی ہوں باقی سارا فسانہ ہی ہوں۔ تو سوال ہے کہ کیا ''یہ چند'' عورتوں کے ساتھ ہونے والا ظلم کوئی معنی نہیں رکھتا؟

سوال یہ نہیں کہ آیا چار یا پانچ غریب ہندو عورتیں تھیں یا تیس یا چالیس۔ سوال یہ بھی نہیں کہ اغوا ہوئیں، ریپ ہوئیں، جبری شادی ہوئی، بہلا پھسلا کر بھگایا یا سب محبت کا شاخسانہ تھا۔

کلیشے اور واہیات ہی سہی پر کہا جاتا ہے کہ ''محبت اور جنگ میں سب جائز ہے'' تو سوال صرف یہ ہے کہ صرف ہندو عورت ہی کیوں؟ ہندو مردوں کو محبت کیوں نہیں ہوتی؟

اقلیت کے لئے قانون بنانے کی ضرورت اس ملک میں ضرورت پڑتی ہے جہاں انھیں اپنے حقوق نہیں ملتے۔ آپ بے شک سینکڑوں قوانین بنا دیں اگر ان پر عمل درآمد نہیں ہو سکتا تو سب کارروائیاں بے مقصد رہیں گیں۔ اوپر سے نیچے تک ایک ہی ذہنیت کے افراد انصاف مہیا کرنے بیٹھے ہوں گے تو ہمارا پدرشاہی معاشرہ ثواب کمانے کے نام پر اپنی ہوس پوری کرتا رہے گا۔ یاد رکھیئے ''کفر کے ساتھ معاشرے نہیں ٹوٹتے، ناانصافی کی وجہ سے معاشرہ تتر بتر ہو جاتا ہے''۔

جوہری ہتھیار بہانہ، تختہ الٹنا نشانہ ہے قسط 2

ممالک عراق، لیبیا، شام اور سوڈان میں حکومتوں کا تختہ پلٹا گیا۔

چونکہ اسرائیل فلسطینی مسلمانوں کی زمین پر قبضے سے وجود میں آیا ہے، اس لیے وہ ہر ایسے اسلامی ملک کو اپنے لیے خطرہ سمجھتا ہے، جس کے پاس مضبوط فوجی صلاحیت ہو۔ ایران میں بھی بظاہر جوہری پروگرام کو نشانہ بنایا جا رہا ہے، لیکن اسرائیل کا اصل نشانہ 1979 کے بعد ایران میں قائم ہونے والا اسرائیل دشمن انقلابی نظام ہے۔ نیتن یاہو ایران میں نظام حکومت کا تختہ الٹ کر اپنی دہائیوں پرانی خواہش پوری کر کے اسرائیلی جارحیت کا مقابلہ کرنے والی آخری چٹان کو بھی گرانا چاہتا ہے۔ اس لیے اسلامی ممالک کو یہ بات سمجھنی چاہیے کہ سلسلہ یہاں پر رکنے والا نہیں، ایران کے بعد وہ تمام اسلامی ممالک بھی اسرائیلی جارحیت کا نشانہ بنیں گے، جن کے پاس مضبوط فوج، میزائل و جوہری پروگرام موجود ہیں۔

میں آج زد پے اگر ہوں تو خوش گمان نہ ہو
چراغ سب کے بجھیں گے، ہوا کسی کی نہیں

2009 میں برطانیہ میں سرجان چلکوٹ کی سربراہی میں برطانیہ کے عراق جنگ میں کردار کے متعلق ایک انکوائری شروع ہوئی، 2016 میں سامنے آنے والی سرکاری رپورٹ میں کہا گیا کہ عراق کے پاس بڑے پیمانے پر تباہی پھیلانے والے ہتھیار موجود نہیں تھے اور عراق پر قبضے کے لیے برطانوی خفیہ ایجنسی ایم آئی سکس نے جان بوجھ کر جھوٹ بولا۔ حقیقت یہ ہے کہ برطانیہ کے ساتھ امریکی سی آئی اے اور دیگر مغربی ممالک کے خفیہ اداروں نے عراق کے خلاف ایک جھوٹا بیانیہ تشکیل دیا، جس کو مغربی میڈیا نے بڑھا چڑھا کر پیش کیا، یوں 2003 میں امریکہ، برطانیہ اور اس کے اتحادیوں نے عراق پر چڑھائی کر کے وہاں صدام حکومت کا خاتمہ کر دیا۔ امریکی حملے اور قبضے کی وجہ سے دس لاکھ عراقی لقمہ اجل بن گئے۔

2009 میں برطانیہ میں سرجان چلکوٹ کی سربراہی میں برطانیہ کے عراق جنگ میں کردار کے متعلق ایک انکوائری شروع ہوئی، 2016 میں سامنے آنے والی سرکاری رپورٹ میں کہا گیا کہ عراق کے پاس بڑے پیمانے پر تباہی پھیلانے والے ہتھیار موجود نہیں تھے اور عراق پر قبضے کے لیے برطانوی خفیہ ایجنسی ایم آئی سکس نے جان بوجھ کر جھوٹ بولا۔ حقیقت یہ ہے کہ برطان

انٹرنیشنل


امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ (دائیں) اور امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگستھ دی ہیگ میں نیٹو کے سربراہی اجلاس کے دوران ایک پریس کانفرنس کے اختتام پر روانہ ہو رہے ہیں


وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف 26 جون 2025 کو چین کے مشرقی ساحلی شہر چنگ ڈاؤ میں شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن ممالک کے وزرائے دفاع کے اجلاس کے دوران کانظر

نیٹو چیف کی طرف سے امریکہ کو باپ کہنے پر وائٹ ہاؤس سے جاری ویڈیو ٹرمپ کے گلے کا ہار بن گئی

سربراہ کانفرنس امریکی صدر ٹرمپ ایران پر امریکہ کی خوفناک بمباری کے اگلے ہی روز پہنچے تو ایک طرف وہ اپنی کامیابی کے فخریہ قصے لے کر آئے تھے اور فوری بعد کے لیے نئے عزائم اور امیدوں کی خبر دینے کو بے تاب تھے تو وہیں نیٹو سربراہ ان کی اس قدر تعریف کے ڈونگرے برسا رہے تھے کہ جیسے ٹرمپ کو امن کو نوبل انعام تو ایران پر خوفناک بمباری کے بعد ملنا ہی چاہتا ہو۔ اس ڈیڈی کے لفظ کو ٹرمپ کے وائٹ ہاؤس نے خوب پسند کیا بلکہ ''گیمر ائز'' کرنے کے لیے سوشل میڈیا پلیٹ فارم

کرغزستان میں مذہبی آزادی کے مسائل، امریکی کمیشن کا اظہار تشویش

مذہبی اقلیتوں کو اپنے عقیدے کے مطابق زندگی گزارنے کا حق دیا جائے گا، آصف محمود

واشنگٹن (این این آئی) امریکی کمیشن برائے بین الاقوامی مذہبی آزادی کی سربراہ وکی ہارٹزلر اور نائب چیئرمین ڈاکٹر آصف محمود نے امید ظاہر کی ہے کہ کرغزستان میں مذہبی اقلیتوں کو اپنے عقیدے کے مطابق زندگی گزارنے کا حق دیا جائے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی کمیشن برائے بین الاقوامی مذہبی آزادی کے اراکین نے کرغزستان کی مختسب جمیلیا جمنبائیوا سے بشکیک میں ملاقات کی جس میں مذہبی آزادی سے متعلق قوانین سے جڑے اشوز پر بات چیت کی گئی۔ وکی ہارٹزلر نے یکم فروری سے لاگو نئے قانون کے اطلاق کے نتیجے میں چھوٹے مذہبی گروہوں کی سرگرمیوں پر ممکنہ پابندیاں پر شدید تشویش ظاہر کی اور کہا کہ کرغزستان میں ایسی مذہبی تنظیمیں جن کے حامیوں کی تعداد کم ہے وہ فعال نہیں رہ سکیں گی۔ انہوں نے کہا کہ نئے قانون کے تحت صرف وہی گروہ رجسٹرڈ ہو سکتے ہیں جن کی تعداد 500 سے زائد ہو جبکہ بعض علاقوں میں مقامی انتظامیہ خصوص مذہبی تنظیموں کو رجسٹریشن سے روک رہی ہے اور قانون کے تحت انہیں ہر 2 سال بعد دوبارہ رجسٹریشن کا بھی پابند کر دیا گیا ہے۔ ڈاکٹر آصف محمود نے مذہبی تعلیمی اداروں کی سرگرمیوں کی جانب توجہ مبذول کرائی اور کہا کہ انتہا پسندی پر مبنی نظریات کا پرچار 4 ریاستی سلامتی کیلئے بھی ممکنہ خطرہ ہے۔ جمیلیا جمنبائیوا نے بتایا کہ حکومت مذہبی تعلیمی اداروں میں بورڈنگ کے عمل کی اس سال سے نگرانی کا ارادہ رکھتی ہے۔

ایرانی یورینیم کہاں ہے؟ رپورٹوں میں فوردو سے زیادہ محفوظ ایک نئی تنصیب کا انکشاف

اسے چھپانے کے لیے سب سے موزوں جگہ جبل فاس ہے، گہرائی زیرزمین 100 میٹر ہے، ماہرین

تہران (این این آئی) ایران کے افزودہ یورینیم کی گمشدگی اب بھی امریکا اور اسرائیل دونوں کے لیے تشویش کا باعث ہے۔ اس جانب کئی خفیہ رپورٹوں نے اشارہ کیا ہے، جن میں سیٹلائٹ تصاویر بھی شامل ہیں جنھوں نے امریکی حملے سے ایک دن قبل فردو تنصیب کے قریب غیر معمولی سرگرمیوں کا انکشاف کیا، جہاں متعدد ٹرکوں کی غیر معمولی نقل و حرکت دیکھی گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکہ نے بی 2-اسٹیلتھ بم بار طیاروں کے ذریعے اپنے روایتی ہتھیاروں میں سب سے بڑے بموں کو ایرانی جوہری تنصیبات پر گرایا، تاکہ ایسے مقامات کو تباہ کیا جا سکے جن میں پہاڑ کے نیچے واقع فردو کی یورینیم افزودگی کی تنصیب، نطنز کی افزودگی تنصیب اور اصفہان کا تحقیقی ری ایکٹر شامل تھے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بقول یہ حملہ ایرانی جوہری پروگرام کو تباہ کر گیا۔ تاہم، اس حملے سے قبل فردو کی افزودگی تنصیب کے باہر 16 ٹرک قطار میں کھڑے دیکھے گئے۔ برطانوی اخبار سے بات کرتے ہوئے ایرانی جوہری پروگرام کے ایک ماہر نے بتایا کہ اس سے قبل کہ امریکہ تنصیبات کو نشانہ بنا سکے ایرانی نظام نے افزودہ یورینیم کی بڑی مقدار کو ایک خفیہ مقام پر منتقل کر دیا تھا۔ برطانوی اخبار کے مطابق، افزودہ یورینیم کو چھپانے کی بہترین جگہ کوہ فاس ہے، جو فردو تنصیب سے تقریباً 145 کلومیٹر جنوب میں واقع ہے۔ یہ نطنز کے جوہری مقام کے بہت قریب اصفہان صوبے میں موجود ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ یہ نیا خفیہ مقام زیر زمین ایک گہری جوہری تنصیب ہے جس کی گہرائی زمین کی سطح سے تقریباً 100 میٹر نیچے ہے، جب کہ فردو تنصیب کی تخمینی گہرائی 60 سے 90 میٹر کے درمیان ہے۔ اس اعتبار سے یہ مقام فردو اور نطنز دونوں کے مقابلے میں زیادہ مضبوط تصور کیا جاتا ہے۔ فردو کے برعکس، جس میں صرف ایک داخلی سرنگ ہے، کوہ فاس میں کم از کم چار داخلی راستے ہیں، جن میں دو پہاڑ کے مشرقی طرف اور دو مغربی طرف واقع ہیں۔ ایران وہاں اس وقت ایک تنصیب تعمیر کر رہا ہے اور اس نے گزشتہ چار برسوں میں اس علاقے کو خاموشی سے وسعت دینے اور اس کے تحفظ کے لیے بھرپور کوششیں کی ہیں۔ سیٹلائٹ تصاویر سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ علاقہ خفیہ طور پر توسیع پا چکا ہے، اور افزودگی کی تنصیب معلوم ہونے والی جگہ کے گرد نئے مضبوط حفاظتی انتظامات بنائے جا چکے ہیں۔ سیٹلائٹ تصاویر کے مطابق، پہاڑ کے نیچے واقع اس تنصیب میں پہلے ہی پیچیدہ سرنگوں کا نیٹ ورک تیار کیا جا چکا ہے، اور یہ جدید ترین سیکورٹی نظام سے لیس ہے۔ ماہرین کا خیال ہے کہ اس منصوبے کی وسعت سے اندازہ ہوتا ہے کہ ایران اس تنصیب کو صرف سینٹری فیوجز بنانے کے لیے نہیں بلکہ یورینیم کی افزودگی کے لیے بھی استعمال کر سکتا ہے۔ فردو کے برعکس، جس میں صرف ایک داخلی سرنگ ہے، کوہ فاس میں کم از کم چار داخلی راستے ہیں، جن میں دو پہاڑ کے مشرقی طرف اور دو مغربی طرف واقع ہیں۔ اسے چھپانے کے لیے سب سے موزوں جگہ جبل فاس ہے، گہرائی زیرزمین 100 میٹر ہے، ماہرین

سیز فائر کے بعد ایران کو امریکا سے اربوں ڈالر ممکنہ امداد کی امید

فیصلہ ایران کے ہاتھ میں ہے اگر وہ سفارتکاری کا راستہ چنتے ہیں تو ہم تیار ہیں، امریکی وزیر خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے نیٹو سربراہی اجلاس کے دوران حیران کن اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئندہ ہفتے ایران کے ساتھ براہِ راست ملاقات متوقع ہے اور شاید ایک معاہدہ بھی طے پا جائے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق صدر ٹرمپ نے ہیگ میں نیوز کانفرنس کے دوران کہا کہ ہم ایران سے ملاقات کرنے جا رہے ہیں، ہو سکتا ہے ہم کوئی معاہدہ بھی کر لیں، کچھ پتہ نہیں اگر کوئی دستاویز مل جائے تو برا نہیں ہوگا۔ امریکی میڈیا کے مطابق یہ بیان اس وقت سامنے آیا ہے جب حال ہی میں امریکی فوج نے ایرانی جوہری تنصیبات پر ایک بڑی کارروائی کی، جسے پینٹاگون نے کامیاب آپریشن قرار دیا۔ اس کے بعد ایران سے سفارتی رابطے تیز ہو چکے ہیں۔ امریکی مشرقِ وسطیٰ ایلچی، اسٹیو وٹکاف نے اس ہفتے کہا کہ ایران کے ساتھ ان کے ابتدائی روابط حوصلہ افزا رہے ہیں۔ ان کے مطابق ہم پرامید ہیں کہ ایک طویل مدتی امن معاہدہ ہو سکتا ہے جو ایران کو دوبارہ عالمی برادری میں جگہ دے۔ وائٹ ہاؤس نے اگرچہ ملاقات کی جگہ یا شرکا کی تفصیلات جاری نہیں کیں، لیکن سینئر امریکی اہلکار لیویٹ نے وضاحت کی کہ مذاکرات کا بنیادی مقصد ایران کو ایک غیر افزودہ سول نیوکلیئر پروگرام کی طرف لانا ہے۔ امریکی میڈیا نے ایک باخبر ذرائع سے خبر دی ہے کہ ممکنہ معاہدے میں ایران کو 20 سے 30 ارب ڈالر کی مالی مدد فراہم کرنے کی تجویز زیرِ غور ہے، تاکہ وہ ایک پرامن، بجلی پیدا کرنے والا نیوکلیئر پروگرام شروع کر سکے۔ یہ رقم براہ راست امریکہ سے نہیں بلکہ مشرق وسطیٰ کے امریکی اتحادیوں کی جانب سے فراہم کی جائے گی۔ اس کے علاوہ ایران پر عائد پابندیوں میں نرمی، اور ایران کو بیرون ملک موجود 6 ارب ڈالر کے منجمد اثاثوں تک رسائی دینے جیسے آپشنز بھی زیر غور ہیں۔ امریکی حکام یہاں تک سوچ رہے ہیں


آبنائے ہرمز کے قریب خلیج عمان میں مکران کے ساحل پر ایران کی فوجی مشق جاری ہے

سعودی عرب، 80 فیصد نشے کے عادی افراد 2024 میں بحالی کے منصوبوں پر عمل پیرا

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں شاہ فہد جنرل اسپتال کے ریکوری کلینکس میں علاج کے منصوبوں سے گزرنے والے نشے کے مریضوں کی تکمیل کی شرح تقریباً 80 فیصد تک پہنچ گئی ہے، استفادہ کرنے والوں کی کل تعداد گزشتہ سال تقریباً 2468 تک پہنچ گئی ہے۔ میڈیا رپورٹس میں کہا گیا کہ سعودی وزارت صحت کی طرف سے انکشاف کردہ اعداد و شمار کے مطابق شاہ فہد جنرل اسپتال نے پچھلے سال نشے سے متعلق 54,000 سے زیادہ علاج سے متعلق مشورے بھی حاصل کیے، یہ مشورے نشے کے مریضوں کی بازیابی کے عزم کے تحت تھے۔ یہ کلینکس نشے کے کلینک مریضوں کو ''مکمل رازداری اور آسانی'' کے ساتھ اپنے علاج کا سفر شروع کرنے کے قابل بناتے ہیں۔


چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف ایئر فورس جنرل ڈین کین (بائیں سے دوسرے)، امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگستھ (بائیں) کے ہمراہ 26 جون 2025 کو پینٹاگون میں ایرانی جوہری تنصیبات پر امریکی حملوں سے متعلق نیوز کانفرنس کے دوران گفتگو کر رہے ہیں

لی مینس میں کوبیکا کی 499 FerrariCorseAF میدان میں آگے ہے۔



چھوٹا قصبہ بڑے خواب' لیاری فٹبال اکیڈمی کو ناروے کپ میں انٹری مل گئی، ویڈیو جاری

کراچی (این این آئی) ''سمال ٹاؤن بگ ڈریمز'' یہ سلوگن ہے لیاری فٹبال اکیڈمی کا جو پہلی مرتبہ اگلے ماہ اوسلو میں ہونے والے ناروے کپ میں شرکت کرے گی۔ ایونٹ کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ پاکستان سے پہلی مرتبہ لیاری فٹبال اکیڈمی کو ملی ہے ناروے کپ میں انٹری۔ انٹرنیشنل یوتھ فٹبال ٹورنامنٹ کی تیاری کے لیے کے ایم سی اسٹیڈیم میں جونیئر ٹیم نے ڈیرہ ڈال لیا ہے۔ تیکنیک میں بہتری اور گول پوسٹ پر تابڑ توڑ حملوں کے لیے جارحانہ انداز اپنانے سمیت دیگر ڈرلز پر کوچز کام کر رہے ہیں۔ اسکواڈ میں کچھ ایسے کھلاڑی بھی ہیں جنھیں ناروے کپ کھیلنے کا تجربہ ہے۔


بین الاقوامی اولمپک کمیٹی کی نو منتخب صدر کرسٹی کوونٹری سوئٹزرلینڈ کے لوزان میں اولمپک ہاؤس میں اپنے پہلے ایگزیکٹو بورڈ کے اجلاس میں شرکت کر رہی ہیں

ایشین ٹیم اسنوکر چیمپئن شپ میں پاکستان کا شاندار آغاز

کولمبو میں اویس منیر اور محمد آصف پر مشتمل پاکستان ون نے چیمپئن شپ کے پہلے روز گروپ کے دونوں میچز جیت لیے

کولمبو (این این آئی) ایشین ٹیم اسنوکر چیمپئن شپ میں پاکستان کی دونوں ٹیموں نے کامیاب آغاز کیا ہے۔ کولمبو میں اویس منیر اور محمد آصف پر مشتمل پاکستان ون نے ایشین ٹیم اسنوکر چیمپئن شپ کے پہلے روز گروپ کے دونوں میچز جیت لیے جس کے بعد پاکستان ون کی ایشین ٹیم کے ناک آؤٹ راؤنڈ میں رسائی یقینی ہوگئی۔ پہلے میچ میں پاکستان ون نے کمبوڈیا کو 3-0 سے شکست دی۔ کمبوڈیا کے خلاف پاکستان ون کی جیت کا اسکور 82-30، 59-16 اور 78-0 رہا۔ دوسرے میچ میں آصف اور اویس کی ٹیم نے قطر کو 3-1 سے شکست دی۔ پہلے سنگل میں اویس منیر کی شکست کے بعد پاکستانی پلیئرز نے شاندار کم بیک کیا۔ قطر کے خلاف پاکستان ون کی جیت کا اسکور 47-81، 82-23، 63-23 اور 62-16 رہا۔ دوسری جانب پاکستان ٹو نے 2 میں سے ایک میچ جیتا، دوسرے میں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ شاہد آفتاب اور محمد سجاد پر مشتمل پاکستان ٹو نے پہلے میچ میں بحرین کو 3-2 سے ہرایا۔ پاکستان ٹو نے بحرین کے خلاف ابتدائی 2 سنگلز ہارنے کے بعد کم بیک کیا۔ پاکستان ٹو کی جیت کا اسکور 41-87-46-48، 41-73، 35-80 اور 17-60 رہا۔ دوسرے میچ میں پاکستان ٹو کو چین کے ہاتھوں 3-1 سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ کولمبو میں اویس منیر اور محمد آصف پر مشتمل پاکستان ون نے چیمپئن شپ کے پہلے روز گروپ کے دونوں میچز جیت لیے

ایشیا کپ، بھارتی شرکت کی گتھی تاحال نہیں سلجھ سکی

پاک بھارت تعلقات میں کشیدگی کے سبب ایونٹ پر خدشات کے بادل چھا چکے



لاہور (این این آئی) ایشیا کپ میں بھارتی شرکت کی گتھی تاحال نہیں سلجھ سکی، ویمنز ورلڈ کپ میں دونوں ٹیموں کی ایک گروپ میں شمولیت نے اے سی سی کی امیدیں بڑھا دیں، ایونٹ کے 12 سے 28 ستمبر تک انعقاد کا امکان ہے، ممکنہ طور پر یو اے ای میزبانی کرے گا۔ تفصیلات کے مطابق ایشیا کپ کا انعقاد رواں برس ہونا ہے البتہ پاک بھارت تعلقات میں کشیدگی کے سبب ایونٹ پر خدشات کے بادل چھا چکے، 2023 کے ایشیائی ایونٹ میں پاکستان نے ہائبرڈ ماڈل کے تحت بھارتی میچز سری لنکا میں کروائے تھے، اب دونوں ممالک میں ایک دوسرے کی سرزمین پر نہ کھیلنے اور تیسرے وینیو پر میچز کا معاہدہ بھی ہو چکا جس کا اطلاق رواں برس چیمپئنز ٹرافی سے ہوا۔ رواں سال بھارت کی میزبانی میں ایشیائی ایونٹ کا 12 سے 28 ستمبر تک یو اے ای میں انعقاد ہو سکتا ہے، البتہ تاحال بھارت نے ایشین کرکٹ کونسل کو شرکت کی تصدیق نہیں کی۔ سونی پکچرز نیٹ ورک انڈیا نے گزشتہ برس 170 ملین ڈالر کے عوض 2024 سے 2031 تک تمام اے سی سی ٹورنامنٹس کے میڈیا رائٹس حاصل کیے تھے، ان میں میچز اور ویمنز ایشیا کپ کے تمام ایڈیشنز، دونوں کے انڈر 19 ایشیا کپ اور ایمرجنگ ٹورنامنٹس بھی شامل ہیں۔ گزشتہ دنوں بھارت کی جانب سے بائیکاٹ کی خبریں بھی سامنے آئی تھیں جنھیں بی سی سی آئی نے مسترد کر دیا تھا، حال ہی میں سونی نے ایشیا کپ کا جو پروموجاری کیا اس میں صرف بھارت، سری لنکا اور بنگلا دیش کے کپتانوں کو دکھایا گیا، پاکستانی قائد موجود ہی نہیں تھے۔ ذرائع نے بتایا کہ گزشتہ دنوں آئی سی سی نے ویمنز ورلڈ کپ میں بھی پاکستان اور بھارت کو ایک ہی گروپ میں رکھا جس کی مخالفت سامنے نہیں آئی، اس سے یہ تاثر مضبوط ہو رہا ہے کہ بھارتی ٹیم ایشیا کپ میں بھی شرکت کرے گی، البتہ اگر اس نے پاکستان کیخلاف میچ فورفیٹ کر دیا تو پی سی بی بھی جوابی طور پر اگلے ایونٹس میں ایسا کر سکتا ہے، لہٰذا یہ آپشن اپنانا آسان نہ ہوگا، بھارتی ٹیم کی جگہ کسی اور کو ایونٹ میں لینا براڈ کاسٹنگ و دیگر مالی معاملات کے سبب ممکن نہیں لگتا۔ یاد رہے کہ ایشین کرکٹ کونسل کے موجودہ سربراہ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی ہیں، سری لنکا میں 6 جون سے ویمنز ایمرجنگ ایشیا کپ کا انعقاد ہونا تھا جسے خراب موسم کا جواز بتا کر ملتوی کر دیا گیا تھا۔

پاکستان ہاکی ٹیم کی ایف آئی ایچ پرو لیگ میں شرکت مشکوک

ایف آئی ایچ) کی جانب سے باضابطہ ایف آئی ایچ پرو لیگ کے آئندہ ایڈیشن میں شرکت کے لیے باضابطہ دعوت نامہ موصول ہوا

لاہور (این این آئی) پاکستان ہاکی ٹیم کی مالیاتی بحران کے باعث ایف آئی ایچ پرو لیگ میں شرکت مشکوک ہوگئی۔ نجی ویب سائٹ کی رپورٹ کے مطابق پاکستان ہاکی فیڈریشن (پی ایچ ایف) کو حال ہی میں بین الاقوامی ہاکی فیڈریشن (ایف آئی ایچ) کی جانب سے باضابطہ ایف آئی ایچ پرو لیگ کے آئندہ ایڈیشن میں شرکت کے لیے باضابطہ دعوت نامہ موصول ہوا تھا۔ یہ پیشکش نیشنز کپ چیمپئن نیوزی لینڈ کے پرو لیگ کے اگلے سیزن سے نامعلوم وجوہات کی بنا پر دستبردار ہونے کے بعد کی گئی۔ پاکستان نیشنز ہاکی کپ میں رنرز اپ رہا تھا جہاں پاکستان کو فائنل میں نیوزی لینڈ سے 6-2 سے شکست ہوئی تھی، اب اے ایلیٹ مقابلے میں جگہ کی پیشکش کی گئی ہے۔ تاہم مالی وسائل کی کمی کی وجہ سے فی الحال پی ایچ ایف کی شرکت غیر یقینی ہے۔ مبینہ طور پر فیڈریشن کو لیگ میں ٹیم کی شمولیت کو یقینی بنانے کے لیے 500 ملین روپے سے زیادہ کی ضرورت ہے۔ پی ایچ ایف کو جمعہ 27 جون تک ابتدائی جواب جمع کرانے کو کہا گیا ہے۔ اس صورت میں کہ پی ایچ ایف شرکت کی تصدیق کرتا ہے لیکن اس پر عمل کرنے میں ناکام رہتا ہے، فیڈریشن کو ایف آئی ایچ کی جانب سے اہم جرمانے اور ممکنہ پابندیوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ایف آئی ایچ کی جانب سے پاکستان کی شمولیت کے حوالے سے باضابطہ اعلان آنے والے دنوں میں متوقع ہے۔ پرو لیگ ایک اعلیٰ بین الاقوامی مقابلہ ہے جس میں دنیا میں اعلیٰ درجہ کی ہاکی ممالک شامل ہیں۔ پاکستان کی لیگ میں واپسی ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگی، کیونکہ قومی ٹیم حالیہ ایڈیشنز سے غیر حاضر رہی ہے، جو عالمی درجہ بندی میں اس کی موجودہ 17 ویں پوزیشن کی ایک اہم وجہ ہے۔ پرو لیگ میں شرکت کو بین الاقوامی ہاکی ایچ پر پاکستان کی موجودگی اور مسابقت کی تعمیر نو کی جانب ایک اہم قدم کے طور پر دیکھا جاتا ہے۔

کرسٹیانو رونالڈو نے النصر کے ساتھ معاہدے میں توسیع کر دی

ریاض (این این آئی) پرتگال کے اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے النصر کے ساتھ معاہدے میں 2027 تک توسیع کر دی۔ سعودی پرو لیگ نے تصدیق کی ہے کہ کرسٹیانو رونالڈو نے النصر سے 2027 تک کھیلیں گے، رونالڈو نے 2022 میں مانچسٹر یونائیٹڈ چھوڑ کر النصر میں شمولیت اختیار کی تھی۔ انہوں نے گزشتہ سیزن میں 25 گول کے ساتھ سعودی پرو لیگ میں سب سے زیادہ گول اسکورر کے طور پر سیزن کا اختتام کیا تھا۔ رونالڈو نے معاہدے پر دستخط کرنے کے بعد سوشل میڈیا پوسٹ میں لکھا کہ 'ایک نیا باب شروع ہوتا ہے، وہی جذبہ، وہی خواب، آیئے مل کر تاریخ بنائیں۔' رونالڈو نے 2022 میں ڈھائی سال کے معاہدے پر النصر میں شمولیت اختیار کی تھی



سان فرانسسکو جائنٹس کے بیری بانڈز ایک تصویر کے لیے پوز کر رہے ہیں۔


شندور پولو فیسٹیول کے تیسرے اور آخری روز گلگت بلتستان اور چترال کی ٹیموں کا میچ جاری ہے

روزنامہ قوت لاہور
بانی: مجید نظامی

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

محرم الحرام میں امن وامان اور سہولیات کے حوالے سے امن کمیٹی کی ضلعی انتظامیہ سے ملاقات

ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد امران ہارخیل کی زیر صدارت ڈی پی او شیخوپورہ ڈاکٹر عثمان انور، ایڈیشنل کمشنر جنرل ڈاکٹر عامر ریاض، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) عمران احمد خان کھرل، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (فنانس اینڈ پلاننگ) عبدالرحمٰن، اسسٹنٹ کمشنر شیخوپورہ ثاقب عمران ہارخیل، ڈپٹی کمشنر (ریونیو اسٹیٹ کمشنر مریم توصیف سید، ڈسٹرکٹ آفیسر سول ڈیفنس شیخوپورہ ڈاکٹر آصم بابر، اسسٹنٹ کمشنر شیخوپورہ سید ذیشان حیدر، اسسٹنٹ کمشنر سرور سدرہ، ریجنل ڈائریکٹر فوڈ اتھارٹی شیخوپورہ ڈویژن ڈاکٹر محمد شہباز، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 ڈاکٹر محمد یونس، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (ایلیمنٹری) ڈاکٹر محمد ارشد، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (سیکنڈری) ڈاکٹر محمد عمران، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (ایلیمنٹ

''قوت'' کلاسیفائیڈ
روزنامہ قوت
QAWWAT DAILY

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر واقعی نکلنے کے پیچھے اور مقلوک الحاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

تلاش گمشدہ

میرا ذاتی پاسپورٹ نمبر CL5429401 مورخہ 14/6/2025 کو گھر سے گم ہو گیا ہے جس کی مٹی ملنے پا پتہ ہو تو درج ذیل پتہ پر اطلاع دے۔ جس کی مٹی ملنے پا پتہ ہو تو درج ذیل پتہ پر اطلاع دے۔ جس کی مٹی ملنے پا پتہ ہو تو درج ذیل پتہ پر اطلاع دے۔

بشکریہ: احمد مختار ولد عبدالستار، مکان گڑھی خرد، تحصیل جاندانوالہ، ضلع فیصل آباد

اعلان الغتی

میں اپنے بیٹے ذوالقرنین محمود کو بے دخل عاق چلان ہوں اور اسی وجہ سے میں وہ بے اعلان الغتی کرتا ہوں اس سے میں دین دنیا کے واسطہ وزد اور کوئی تعلق نہیں رکھتا ہوں اور لوگوں کو بھی اس سے کوئی تعلق نہیں رکھنا چاہیے اگر اس کی وجہ سے کسی کو کوئی نقصان پہنچے تو میں اس کا ذمہ دار نہیں ہوں گا۔

بشکریہ: مظہر محمود ارائیں، ساکن اعوان سکنک تحصیل کھیوال کھوہاں ضلع سرگودھا

عاق نامہ

میں اپنے بیٹے ذیشان محمود کو بوجہ نافرمانی عاق چلان کرتا ہوں اور اس سے میرا کوئی تعلق نہیں رہا ہے اور کسی کو بھی اس سے کوئی واسطہ نہیں ہونا چاہیے اگر اس کی وجہ سے کسی کو کوئی نقصان پہنچے تو میں ذمہ دار نہیں ہوں گا۔

بشکریہ: محمد ذیشان ولد محمد اسلم، ساکن گلشن ریاض فیز 2 بحریہ انکلیو اسلام آباد

بقیہ اشتہارات

بقیہ 1

سرمایہ کاری کا فروغ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ چیئرمین ٹیکس ایڈوائزری کونسل ایف ٹی ٹیکس ٹیکٹر ٹریڈ ایسوسی ایشن آف پاکستان کے زیر اہتمام ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر مملکت برائے خزانہ و محصولات علی پرویز ملک نے کہا کہ حکومت کا مقصد ٹیکس نظام کو آسان، منصفانہ اور سرمایہ کاری دوست بنانا ہے۔ ایف بی آر کے چیئرمین راشد محمود لنگڑیال نے کہا کہ ٹیکس نظام میں اصلاحات کے ذریعے ٹیکس دہندگان کی سہولت کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ ٹیکس دہندگان کی رجسٹریشن کے لیے ون ونڈو سروس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ ٹیکس دہندگان کی رجسٹریشن کے لیے ون ونڈو سروس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ ٹیکس دہندگان کی رجسٹریشن کے لیے ون ونڈو سروس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔

بقیہ 2

بھائی نے ایک کیلی وین پر شہر شہر گھومنے والے ریکارڈ توڑ خطاب میں کہا کہ میں نے اپنی وین میں دنیا کے بچے ہوئے 12 ممالک میں وزٹ مکمل کرنے کے لیے نکلا ہوں۔ میں نے کہا کہ میں اسرائیل اور امریکہ کا دورہ صرف اس لیے کروں گا کہ وہاں پاکستان کا پرچم لہرا سکوں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو شرق اوسط کا سب سے بڑا ملک بنانا چاہتا ہ

اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب میں کھلی کچہری براہِ راست مسائل بیان کیے

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا لاہور کے شہریوں کے لیے ایک اور تحفہ

اوورسیز پاکستانیوں کی ادارہ سازی میں شمولیت حکومت کے ترجیحی وژن کی عکاس ہے: وائس چیئرپرسن اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب بیرسٹر امجد ملک

اوورسیز پاکستانیوں کی جائیداد سے متعلق شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حتمی شکل دی جائے اور ان کے جائز حقوق کا فوری تحفظ یقینی بنایا جائے، ثمن رائے

وفاقی وزیر رانا مشہد اقبال نے سدرن کور ریڈور، ایل ڈی اے سٹی ٹائپ ون اونیو سٹرکچر پلان روڈ کا سنگ بنیاد رکھ دیا، منصوبہ ایل ڈی اے سٹی کے لیے گیم چینجر ثابت ہوگا

تعلیم روڈ لاہور شہر کے رہائشیوں کے لیے ایک بنیاد سدرن کور ریڈور ہوگا، روڈ کی تعمیر سے ایل ڈی اے سٹی اور پورے علاقے کی شکل بدل جائے گی، وفاقی وزیر رانا مشہد اقبال



وفاقی وزیر رانا مشہد اقبال سدرن کور ریڈور، ایل ڈی اے سٹی ٹائپ ون اونیو سٹرکچر پلان روڈ کا سنگ بنیاد رکھ رہے ہیں



لاہور: وائس چیئرپرسن اوپی پی پنجاب بیرسٹر امجد ملک اوپن کچہری میں اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل سن رہے ہیں

لاہور میں 45 ہزار جعلی ازملمنٹ بے نقاب، سکول سربراہان سے جواب طلب

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی نے جعلی ازملمنٹ ختم کرنے کا 31 اکتوبر تک ہدف مقرر کر دیا

سکولوں میں بچوں کی اصل تعداد 5 لاکھ 75 ہزار رہ گئی، ہدف 6 لاکھ 37 ہزار مقرر، ذرائع

لاہور (خبر این این) ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن پنجاب کے تحت گزشتہ روز ای۔ کچہری کا انعقاد کیا گیا، وائس چیئرپرسن اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب بیرسٹر امجد ملک نے کی۔ ای کچہری میں دنیا بھر سے اوورسیز پاکستانیوں نے بھی شرکت کی اور جو درخواستیں موصول ہوئیں انہیں سن کر فوری کارروائی عمل میں لائی گئی۔

شناختی الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات کے تحت اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب کا قیام ممکن ہوا۔ ملک نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ایک اور کامیابی، بااعتماد اور مؤثر اقدام قرار دیتے ہوئے کہا کہ کمشنر اوپی پی سمیت تمام متعلقہ افسران کی ٹیم کو

وائس چیئرمین بیرسٹر امجد ملک نیازمند کچہری کو ایک کامیاب، بااعتماد اور مؤثر اقدام قرار دیتے ہوئے کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل کا فوری تحفظ یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں کی جائیداد سے متعلق شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حتمی شکل دی جائے اور ان کے جائز حقوق کا فوری تحفظ یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں کی جائیداد سے متعلق شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حتمی شکل دی جائے اور ان کے جائز حقوق کا فوری تحفظ یقینی بنایا جائے، ثمن رائے

لاہور: وائس چیئرپرسن اوپی پی پنجاب بیرسٹر امجد ملک اوپن کچہری میں اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل سن رہے ہیں

لاہور میں 45 ہزار جعلی ازملمنٹ بے نقاب، سکول سربراہان سے جواب طلب

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی نے جعلی ازملمنٹ ختم کرنے کا 31 اکتوبر تک ہدف مقرر کر دیا

سکولوں میں بچوں کی اصل تعداد 5 لاکھ 75 ہزار رہ گئی، ہدف 6 لاکھ 37 ہزار مقرر، ذرائع

لاہور (خبر این این) لاہور کے مختلف سرکاری سکولوں میں طلبا کی جعلی ازملمنٹ کا انکشاف ہوا ہے۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی لاہور کے کارروائی کرتے ہوئے 45 ہزار جعلی ازملمنٹ شدہ بچوں کو سسٹم سے نکال دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق جعلی ازملمنٹ کی موجودگی پر محققہ سکول سربراہان سے جواب طلب کیا گیا ہے۔ کارروائی کے بعد شہر کے سرکاری سکولوں میں اصل ازملمنٹ طلبا کی تعداد 5 لاکھ 75 ہزار رہ گئی ہے جبکہ ہدف 6 لاکھ 37 ہزار مقرر کیا گیا ہے، جبکہ پرائیویٹ سکولوں میں طلبا کی جعلی ازملمنٹ کا انکشاف نہیں ہوا ہے۔

عوام کی خدمت کا سفر جاری ہے: خواجہ سلمان رفیق

خواجہ سلمان رفیق نے پی ڈی ایم اے، بیرہاؤس میں پاک فوج اور ریسکیو 1122 کو فلڈ فائٹنگ سامان کی تقریب تقسیم 2025 میں بطور مہمان خصوصی شرکت

پاک فوج نے پاک بھارت جنگ میں پوری دنیا میں پاکستان کا سر فخر سے بلند کیا ہے، صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کینٹونمنٹ بورڈ

لاہور (خبر این این) صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کینٹونمنٹ بورڈ لاہور کینٹ خواجہ سلمان رفیق نے پی ڈی ایم اے، بیرہاؤس میں پاک فوج اور ریسکیو 1122 کو فلڈ فائٹنگ سامان کی تقریب تقسیم 2025 میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر سٹاف آفیسر ٹو ڈائریکٹر انٹیلی جنس ہیڈکوارٹرز لاہور کینٹونمنٹ بورڈ میجر عبدالرحمان، ڈائریکٹر ریسکیو 1122 لاہور ڈاکٹر رضوان نصیر، ڈپٹی ڈی جی پی ڈی ایم اے عرفان علی کاظمیا اور کرنل فرازاسد دیگر حکام موجود تھے۔ صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کینٹونمنٹ بورڈ لاہور کینٹ خواجہ سلمان رفیق نے تقریب سے خطاب میں کہا کہ پاک فوج نے ہمیشہ اپنے جوانوں کی قربانیوں سے ملک کا سر فخر سے بلند کیا ہے، صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کینٹونمنٹ بورڈ لاہور کینٹ خواجہ سلمان رفیق نے تقریب سے خطاب میں کہا کہ پاک فوج نے ہمیشہ اپنے جوانوں کی قربانیوں سے ملک کا سر فخر سے بلند کیا ہے، صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کینٹونمنٹ بورڈ لاہور کینٹ خواجہ سلمان رفیق نے تقریب سے خطاب میں کہا کہ پاک فوج نے ہمیشہ اپنے جوانوں کی قربانیوں سے ملک کا سر فخر سے بلند کیا ہے، صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کینٹونمنٹ بورڈ



لاہور: صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کینٹونمنٹ بورڈ لاہور کینٹ خواجہ سلمان رفیق پی ڈی ایم اے بیرہاؤس میں امدادی سامان کا جائزہ لے رہے ہیں

پنجاب اسمبلی کی قائمہ کمیٹیوں کے چیئرمینوں کا تحریک عدم اعتماد کا سامنا

اپوزیشن کی قائمہ کمیٹیوں کے 4 چیئرمینوں کیخلاف تحریک عدم اعتماد جمع

اپوزیشن کے چیئرمینز کو عہدوں سے ہٹانے کے لیے نوٹس جاری، باقی 9 قائمہ کمیٹیوں کا فیصلہ بھی جلد کر لیا جائیگا، ذرائع

پنجاب اسمبلی کی قائمہ کمیٹی مینجمنٹ اینڈ پروفیشنل ڈیپارٹمنٹ کے چیئرمین محمد مرتضیٰ اقبال چیئرمین شپ سے فارغ ہو گئے

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کی قائمہ کمیٹی مینجمنٹ اینڈ پروفیشنل ڈیپارٹمنٹ کے چیئرمین محمد مرتضیٰ اقبال چیئرمین شپ سے فارغ ہو گئے

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کی قائمہ کمیٹی مینجمنٹ اینڈ پروفیشنل ڈیپارٹمنٹ کے چیئرمین محمد مرتضیٰ اقبال چیئرمین شپ سے فارغ ہو گئے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے اپوزیشن ارکان کے خلاف سخت اقدام کرتے ہوئے چار ارکان کو کمیٹیوں کی چیئرمین شپ سے ہٹانے کے لیے تحریک عدم اعتماد کا سیاپ کروا دی، اپوزیشن کے چار چیئرمینوں کو پنجاب اسمبلی کی اسٹینڈنگ کمیٹی نے فارغ کر دیا ہے۔ تاہم کمیٹی برائے سپیشل ایجوکیشن کی چیئرمین شپ سے فارغ کر دیا گیا۔ اپوزیشن رکن صائمہ کنول کے خلاف تحریک عدم اعتماد کامیاب ہو گئی جس کے بعد اپوزیشن ممبر چیئرمینوں پنجاب اسمبلی کی اسٹینڈنگ کمیٹی نے فارغ کر دیا ہے۔ تاہم کمیٹی برائے سپیشل ایجوکیشن کی چیئرمین شپ سے فارغ کر دیا گیا۔ اپوزیشن رکن صائمہ کنول کے خلاف تحریک

ایڈیشنل آئی جی مرزا فاران بیگ کا تبادلہ، خدمات نیب کے سپرد کر دی گئیں

مرزا فاران بیگ گریڈ 21 کے افسر ہیں، اس سے قبل ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب تعینات تھے

لاہور (نیوز این این) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ کا تبادلہ کر دیا گیا ہے اور ان کی خدمات قومی احتساب بیورو (نیب) کے حوالے کر دی گئی ہیں۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ کا تبادلہ کر دیا گیا ہے اور ان کی خدمات قومی احتساب بیورو (نیب) کے حوالے کر دی گئی ہیں۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ کا تبادلہ کر دیا گیا ہے اور ان کی خدمات قومی احتساب بیورو (نیب) کے حوالے کر دی گئی ہیں۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ کا تبادلہ کر دیا گیا ہے اور ان کی خدمات قومی احتساب بیورو (نیب) کے حوالے کر دی گئی ہیں۔

کراچی میں 13 کروڑ کی ڈکیتی میں ٹک ٹاکر بہن بھائی ملوث نکلے

ٹک ٹاکر کنول اور بھائی اپنے گینگ کے ساتھ پکڑے گئے جس نے خود کو ایف آئی اے کا اہلکار ظاہر کیا اور گھر لوٹ مار کی

کراچی (این این آئی) شہر کو ٹک ٹاکر کے علاقے پی ای سی ایچ ایس بلاک 2 میں گاڑیوں کے شوروم کے مالک کو گھر ڈکیتی کی بڑی واردات کی تفتیش میں اہم پیشرفت ہوئی ہے۔ گرفتار ملزمان معروف ٹک ٹاکر کنول بھائی ثقلین۔ پولیس کی تفتیش میں یہ بات سامنے آئی کہ ملزمان نے مجلی ایف آئی اے (نیب نمبر 35)

لاہور مجلس وحدت مسلمین پاکستان کے رہنما اسد عباس نقوی کی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سالانہ 500 ارب کی بجلی چوری محکموں کی ناکامی ہے، علی عمران آصف

بجلی چوری کا بوجھ عوام پر نہ ڈالا جائے، ناکام افسران سے ریکوری کی جائے، ممبر لاہور چیمبر

لاہور (نیوز این این) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر ٹیکنیکل ممبر مجلی عمران آصف نے کہا ہے کہ سالانہ 500 ارب روپے کی بجلی چوری متعلقہ محکموں کی کارکردگی پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے، اور اس کا براہ راست بوجھ عوام پر ڈالنا سراسر ناانصافی ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کنڈا چوری، بدانتظامی اور گرتی ہوئی فنی اصل ذمہ داری عوام پر نہیں بلکہ ان اداروں پر عائد ہوتی ہے جن کی غفلت سے یہ نقصان ہو رہا ہے۔ علی عمران آصف نے انڈسٹری کے سینئر ٹیکنیکل ممبر مجلی عمران آصف نے کہا ہے کہ سالانہ 500 ارب روپے کی بجلی چوری متعلقہ محکموں کی کارکردگی پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے، اور اس کا براہ راست بوجھ عوام پر ڈالنا سراسر ناانصافی ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کنڈا چوری، بدانتظامی اور گرتی ہوئی فنی اصل ذمہ داری عوام پر نہیں بلکہ ان اداروں پر عائد ہوتی ہے جن کی

آئی جی پنجاب کی ہدایت پر صوبہ بھر میں پولیس کی ہفتہ وار جنرل پریڈ کا انعقاد

لاہور سمیت تمام اضلاع میں افسران کی نگرانی میں چاق و چوبند دستوں نے مارچ پاسٹ کیا

پریڈ کا مقصد اہلکاروں کی فٹنس، ڈسپلن، اتحاد اور فورس کی پیشہ ورانہ تیاری کو یقینی بنانا ہے، ترجمان

لاہور (نیوز این این) انسپکٹر جنرل پنجاب پولیس ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر لاہور سمیت صوبہ بھر میں ہفتہ وار جنرل پریڈ کا باقاعدہ انعقاد کیا گیا۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق پریڈ کا مقصد پولیس اہلکاروں کی پیشہ ورانہ فٹنس، ڈسپلن، اتحاد اور فورس کے اندر بھائی چارے کو فروغ دینا ہے۔ لاہور میں منعقدہ جنرل پریڈ میں پولیس لائنز، ویلفیئر فورس، ایشیل رائٹ فورس، ٹریفک پولیس، عجائب سکواڈ، ایس پی یو، لیڈیز پولیس، سی پی او، انویسٹی گیشن ونگ اور آپریشن ونگ کے اہلکاروں نے شرکت کی۔ لاہور (نیوز این این) انسپکٹر جنرل پنجاب پولیس ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر لاہور سمیت صوبہ بھر میں ہفتہ وار جنرل پریڈ کا باقاعدہ انعقاد کیا گیا۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق پریڈ کا مقصد پولیس اہلکاروں کی پیشہ ورانہ فٹنس، ڈسپلن، اتحاد اور فورس کے اندر بھائی چارے کو فروغ دینا ہے۔ لاہور میں منعقدہ جنرل پریڈ میں پولیس لائنز، ویلفیئر فورس، ایشیل رائٹ فورس، ٹریفک پولیس، عجائب سکواڈ، ایس پی یو، لیڈیز پولیس، سی پی او، انویسٹی گیشن ونگ اور آپریشن ونگ کے اہلکاروں نے شرکت کی۔

کرم: 5 اساتذہ سمیت 7 افراد کو اغوا کرنے والے ملزمان مبینہ مقابلے میں ہلاک

کرم (این این آئی) کرم ایجنسی کے ضلع کرم کے علاقے تری منگل میں مبینہ مقابلے میں 2 مشتبہ ملزمان کو ہلاک کر دیا گیا۔ پی ٹی ڈی کے مطابق ملزمان نے 2023ء میں 5 اساتذہ سمیت 7 افراد کو اسکول کے اندر فائرنگ کے قتل کیا تھا۔ ملزمان کی سروں کی قیمت 50،50 لاکھ روپے مقرر تھی۔

بااثر پیر سے خاتون کو ہراساں کرنیوالا ملزم گرفتار، اسلحہ برآمد

لاہور (نیوز این این) بااثر پیر پولیس نے 15 کی ایمرجنسی کال پر بروقت کارروائی کرتے ہوئے خاتون اور اس کے بچوں کو ہراساں کرنے والے ملزم تنویر فاروق گورگاج کو گرفتار کیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کو موقع پر ہی اسلحہ سمیت گرفتار کیا گیا، گرفتار ملزم کے قبضے سے پستول اور گولیاں برآمد کی گئی ہیں۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق تنویر فاروق خاتون اور اس کے بچوں کو مسلسل ہراساں کر رہا تھا اور انہیں جان سے مارنے کی دھمکیاں بھی دیتا رہا۔ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

امور میش سنگھ اروڑہ سرکاری دورے پر برطانیہ پہنچ گئے

آل پارلیمنٹیرین گروپ برٹش سکھ کی 20 ویں سالگرہ کی تقریب میں شرکت کریں گے

لاہور (خبر گار) پنجاب کے وزیر برائے اقلیتی امور، ریشن سنگھ اروڑہ سرکاری دورے پر برطانیہ پہنچ گئے ہیں۔ وہ لندن میں برطانوی پارلیمنٹ میں منعقد ہونے والی Parliamentary Party-All Sikhs British for (APPG) Group کی میں سالانہ خدمات کی تکمیل پر منعقدہ سالگرہ کی تقریب میں شرکت کریں گے۔ یہ اہم تقریب APPG چیئرمین رکن پارلیمنٹ جس (پیج نمبر 4 5)



صوبائی وزیر اقلیتی امور ریشن سنگھ اروڈہ آل پارٹی پارلیمنٹیرین گروپ برٹش سکھ کی تقریب میں شرکت کیلئے برطانیہ پہنچ گئے

یاسمین راشد کی صحت سے متعلق رپورٹ جیل حکام کو موصول

یاسمین راشد کی صحت سے متعلق رپورٹ جیل حکام کو موصول

لاہور (نیوز این این) پی ٹی آئی رہنما یاسمین راشد کی صحت سے متعلق رپورٹ جیل حکام کو موصول ہو گئی ہے۔ یاسمین راشد کی صحت سے متعلق رپورٹ جیل حکام کو موصول ہو گئی ہے۔ یاسمین راشد کی صحت سے متعلق رپورٹ جیل حکام کو موصول ہو گئی ہے۔ یاسمین راشد کی صحت سے متعلق رپورٹ جیل حکام کو موصول ہو گئی ہے۔

ڈی آئی جی محمد وقاص نذیر نے ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب کا چارج سنبھال لیا

ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کیلئے CANWEYES سسٹم متعارف، زیبرا کراسز پابندی اپنانے کا اعلان

لاہور (نیوز این این) ڈی آئی جی محمد وقاص نذیر نے ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب کے عہدے کا باضابطہ چارج سنبھال لیا۔ وقاص نذیر کا 28 ویں کامن سے ہے اور وہ اس سے قبل مختلف اہم عہدوں پر خدمات انجام دے چکے ہیں، جن میں ڈی آئی جی آپریشنز لاہور، ڈی آئی جی آئی ٹی پنجاب، ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب اور ریجنل پولیس آفیسر ڈی جی خان شامل ہیں۔

شہید سب انسپکٹر شفیق کے خاندان کو 1.75 کروڑ کا گھر فراہم

شہید محمد شفیق کے لاٹھنا کو گوجرانوالہ میں پسند کی جگہ پر گھر خرید کر دیا گیا، ترجمان

لاہور (نیوز این این) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے شہداء پولیس کے لواحقین کو ''اپنی چھت'' کی فراہمی کے تحت پولیس کے لاٹھنا کو گھر الاٹ کر دیا۔ شہید سب انسپکٹر محمد شفیق نے 2023ء میں دوران ڈیوٹی اپنی جان کا نذرانہ دے کر شہادت کا رتبہ پایا۔ شہید اہلکار کے خاندان کو گھر فراہم کر دیا۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق شہید سب انسپکٹر شفیق کے لاٹھنا کو ایک کنال 7 مرلے کا گھر خریدا گیا ہے۔ شہید سب انسپکٹر محمد شفیق نے 2023ء میں دوران ڈیوٹی اپنی جان کا نذرانہ دے کر شہادت کا رتبہ پایا۔

مودی حکومت کے سندور آپریشن کی کامیابی کے دعوے بے نقاب

پہلگام حملہ کرانیوالی جیش اور سیکورٹی ناکامی کی ذمہ داری اہلکار سیاسی رہنما کو ذمہ دار نہیں ٹھہرایا گیا، ذرائع

پہلگام حملے کو دو ماہ سے زائد کا عرصہ گزر چکا ہے لیکن جواب طلب سوالات ابھی بھی باقی ہیں

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کالم نگار سنجانہ سنگھ نے مودی حکومت کی طرف سے پہلگام واقعے کے بعد آپریشن سندور کی ناکامیوں کے دعوے بے نقاب کر دیے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق سنجانہ سنگھ نے پہلگام حملے سے آپریشن سندور تک کو مودی سرکار کی ناکامیوں کا تسلسل قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ پہلگام حملے کو دو ماہ سے زائد کا عرصہ گزر چکا ہے لیکن جواب طلب سوالات ابھی بھی باقی ہیں۔ پہلگام حملہ اگر انٹیلی جنس اور سیکورٹی ناکامی تھی تو کسی اعلیٰ سیکورٹی اہلکار یا سیاسی رہنما کو ذمہ دار نہیں ٹھہرایا گیا؟



لاہور: وزیر صنعت و تجارت پنجاب چوہدری شاہ شمس چین کی سرمایہ کار کمپنی کے سربراہ وفد کو ملاقات کے موقع پر یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

محرم الحرام ہمیں صبر حق اور باطل کے درمیان فرق کی پہچان کا درس دیتا ہے، چوہدری محمد شمیر

لندن (این این آئی) ڈپٹی ڈویژنل ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (ڈی ڈی او) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی لاہور چوہدری محمد شمیر نے کہا ہے کہ محرم الحرام ہمیں صبر، قربانی، حق اور باطل کے درمیان فرق کی پہچان کا درس دیتا ہے۔ حضرت امام حسین اور ان کے جاں نثار ساتھی نے ظلم، جبر اور ناانصافی کے خلاف استقامت، صبر اور قربانی قیامت تک انسانیت کے لیے مشعل راہ ہے کی ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیدرلینڈ سے منعقدہ ایک تقریب سے کیا۔ انہوں نے کہا کہ کربلا کا پیغام ہر دور کی انسانیت کے لیے روشنی ہے جو ہمیں ظلم کے خلاف جدوجہد اور سچائی کے ساتھ کھڑا رہنے کا درس دیتا ہے۔

پیف پارٹنر سکولز کے اساتذہ کی تنخواہ 20 ہزار فکس کرنے کا اعلان التوا کا شکار

ابھی تک 20 ہزار تنخواہ کا نوٹیفکیشن جاری نہ ہو سکا، صوبائی وزیر تعلیم کا اعلان دعووں میں تاحال عمل نہ ہو سکا، صوبائی وزیر تعلیم

فاؤنڈیشن (پیف) کے تحت چلنے والے پارٹنر سکولوں میں خدمات انجام دینے والے ہزاروں اساتذہ کی تنخواہ 20 ہزار روپے مقرر کرنے کا اعلان (پیچھے نمبر 3 9)

کوٹ لکھپت میں مبینہ پولیس مقابلہ، ایک ملزم ہلاک، ایک زخمی گرفتار

ہلاک ملزم کی شناخت عاصم، زخمی ملزم قیصر جناح اسپتال منتقل، پولیس ریکوری کیلئے لے جارہی تھی

لاہور (نیوز این این) کوٹ لکھپت کے علاقے پولیس کے مطابق یہ مقابلہ جج گاؤں کے قریب پیش آیا۔ ہلاک ہونے والے ملزم کی شناخت عاصم کے نام سے ہوئی ہے جبکہ زخمی ہونے (پیچھے نمبر 38)



لاہور میں موٹر سائیکل سوار شہری نے دھوپ سے بچنے کے لئے چہرے کو ڈھانپ رکھا ہے

12 برسوں میں تحریک انصاف کی حکومت نے انفراسٹرکچر کو تباہ کر دیا، ملک محمد اسحاق

دبئی (این این آئی) صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) پالیسیز و منصوبہ بندی منتخ مشرف وسطی ملک محمد اسحاق نے ساحتہ دبئی سے سوات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے، صوبائی حکومت کی گھنٹے گزرنے کے باوجود بھی پھنسے ہوئے لوگوں کو ریسکیو نہیں کر سکی، عوام کی فلاح و بہبود کا پیسہ اور وسائل احتجاج اور دھرنوں پر استعمال کیا گیا اور اب کہتے ہیں کہ ہمیں لگانا مارکام نہیں دی جائے۔

لاہور میں مکان کی چھت گرنے سے 5 افراد زخمی

چھت گرنے کا واقعہ پرانی انارکلی میں پیش آیا، ریسکیو کو گلگار رام اسپتال منتقل کر دیا گیا

لاہور (نیوز این این) لاہور ہائیکورٹ نے فلڈ ریلیف بجھانے پر سٹریٹ جیل کیس ایس ایچ او سب انسپکٹر ساجد جیک پر شدید برہمی کا اظہار کیا۔ جسٹس طارق نعیم کی سربراہی میں بنچ نے ایس ایچ او اور اہلکار کی سزا کے خلاف اپیلوں پر سماعت کی۔ جسٹس محمد طارق نعیم کی سربراہی میں بنچ نے ایس ایچ او اور اہلکار کی سزا کے خلاف اپیلوں پر سماعت کی۔

لاہور میں مکان کی چھت گرنے سے 5 افراد زخمی

چھت گرنے کا واقعہ پرانی انارکلی میں پیش آیا، رضیوں کو گلگار رام اسپتال منتقل کر دیا گیا

لاہور (نیوز این این) پرانی انارکلی کے علاقے میں منہ حسانہ مکان کی چھت گرنے سے پانچ افراد زخمی ہو گئے۔ واقعہ اس وقت پیش آیا جب الیاس خانہ مکان میں موجود تھے کہ اچانک چھت زمین بوس ہو گئی۔ ریسکیو 1122 کے مطابق حادثے کے نتیجے میں تمام افراد شدید زخمی ہوئے، جنہیں فوری طور پر ریسکیو کیا گیا۔ زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد گلگار رام اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ (پیچھے نمبر 37)

لاہور ضلعی انتظامیہ کا ان ایکشن، منافع خوروں کیخلاف سخت کارروائی جاری

کھیرا، لیموں، ادرک سستے، برٹنڈاے پر عملدرآمد کیلئے پرائس مجسٹریٹس فیلڈ میں متحرک ہو گئے

لاہور (نیوز این این) ضلعی انتظامیہ لاہور اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں کو کنٹرول اور شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے فعال کردار ادا کر رہی ہے۔ ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا کی ہدایت پر تمام اسسٹنٹ کمشنرز اور پرائس کنٹرول مجسٹریٹس فیلڈ میں متحرک ہیں۔ ترجمان ضلعی انتظامیہ کے مطابق حالیہ دنوں میں کھیرا، لیموں اور ادرک سمیت بعض سبزیوں کی قیمتوں میں نمایاں کمی دیکھنے میں آئی ہے، جبکہ سیب، کیلا، آم، آلو، ٹماٹر اور مٹر کی قیمتیں مستحکم ہیں۔ ڈائریکٹر صناع خوری کے (پیچھے نمبر 4 0)



اسلام آباد ہیجیئر میں مسلم لیگ (ن) کو فیڈریشن آف ہیلتھ ایسوسی ایشنز کے عہدیداران نے ملاقات کی

ترقی کیلئے سیاسی اتحاد ضروری ہے اور تمام سیاسی جماعتوں کو قومی مقصد کے لیے متحد ہونا ہوگا، وفاقی وزیر

وزیراعظم کی قیادت میں پاکستان ایک بار پھر ترقی کی راہ پر گامزن ہے، پاکستان فیصلہ کن مرحلے پر کھڑا ہے

اسلام آباد (خبر گار) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان ایک بار پھر ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ ایک اخبار میں انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) قومی ترقی کی ضامن ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی معیشت درست سمت میں گامزن ہے اور ملک مسلسل ترقی کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترقی کے لیے سیاسی اتحاد ضروری ہے اور تمام سیاسی جماعتوں کو قومی مقصد کے لیے متحد ہونا ہوگا، وفاقی وزیر (پیچھے نمبر 4 1)



لاہور: خانہ بدوش بچہ بھوری پرلیف کرنجز پوری کر رہا ہے

چیف ایڈیٹر — میاں محمد ابی شہ
ایڈیٹر — صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر — ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر — امداد الحق قریشی
بیورو چیف ایڈیٹر — چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر — محمد شہزاد میاں
لیگل ایڈوائزر — بیرسٹر شیخ عبدالرحمان ایڈووکیٹ ہائیکورٹ
پبلشر احسن یوسف نے تجارت پریس سے چھپوا کر 14 پارک روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 بلاک نمبر 8 پلیٹس 8 ویں روڈ لاہور